Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت   ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات، 29 اکتوبر 2026ء ، 17 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 186

مریم نواز کا کاشتکاروں کی فلاح کیلئے 10 بڑے اعلانات

کاشتکاروں کیلئے پہلا 'اپنا کسان بینک' قائم، پیوٹ کے تحت ایک کروڑ تک لون پر زیرو مارک اپ، تین کروڑ لون پر دو فیصد اور 5 کروڑ لون پر پانچ فیصد انٹرسٹ لینے کا اعلان

گندم کے امدادی نرخ 4500 روپے پر عملدرآمد یقینی بنانے، ڈی اے پی خریداری کیلئے کسان کارڈ پر فی ایکڑ لون میں 3500 روپے اضافہ، 30 ہزار فی ایکڑ سے بڑھا کر 33500 کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سالگرہ کا دن کاشتکار بھائیوں کے نام کردیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں زرعی انقلاب برپا کرنے کیلئے کاشتکاروں کی فلاح و بہبود کیلئے 10 بڑے اعلانات کردیئے۔ پنجاب میں کاشتکاروں کیلئے پہلا ''اپنا کسان بینک'' قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیوٹ کے ذریعے کاشتکاروں کیلئے ایک کروڑ تک لون پر زیرو (بقیہ نمبر 19)

،نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے وزارت خارجہ میں ''مکہ الائنس فار ڈیفنس'' کے پہلے سیکرٹری جنرل، لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) نعمان محمود، ایچ آئی (ایم) سے ملاقات کررہے ہیں

معزز صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی آئیسکو کی اولین ترجیح ہے

کسی قسم کی غیر اعلانیہ لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی، ترجمان آئیسکو

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ حکومتِ پاکستان اور وزارتِ توانائی، پاور ڈویژن کی واضح ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آئیسکو مینجمنٹ ریجن بھر میں معزز صارفین کو بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی بنا رہی ہے اور کسی قسم کی غیر اعلانیہ لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی۔ ترجمان کے مطابق سالانہ سسٹم مینٹیننس پروگرام اور انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی کاموں، جن میں نئے پلوں، انڈر پاسز، اوور (بقیہ نمبر 7)

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی مستعفی، استعفیٰ صدر مملکت کو ارسال

جسٹس محسن اختر کیانی اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرانسفر ہو کر لاہور ہائیکورٹ میں فرائض انجام دے رہے تھے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے جج جسٹس محسن اختر کیانی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ صدرِ پاکستان کو ارسال کیے گئے اپنے استعفیٰ میں انہوں نے ذاتی وجوہات اور حالیہ سرجری کے بعد صحت سے متعلق (بقیہ نمبر 22)

سکھر، ایل پی جی ٹینکر میں دھماکہ، 2 افراد جاں بحق

حادثے کے مقام پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں پہنچیں، زخمیوں اور لاشوں کو تعلقہ اسپتال روہڑی منتقل کر دیا گیا

سکھر (این این آئی) سکھر میں روہڑی انٹرچینج کے قریب ایل پی جی ٹینکر میں دھماکے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ایل پی جی ٹینکر دھماکے میں 2 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ حادثے کے (بقیہ نمبر 21)

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، فتنہ الخوارج کے 9 دہشتگرد ہلاک

پریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد ہلاک ہوئے

راولپنڈی: (اے ایف پی) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع میں انٹیلی جنس آپریشنز کے دوران فتنہ الہندوستان کے 9 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 26 (بقیہ نمبر 20)

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA)، اور اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کے مابین معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

ایف جی ای ایچ اے اور اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کے درمیان رہائشی منصوبے کے آغاز کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ایف جی ای ایچ اے اور اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور میں تاریخی معاہدہ

(FGEHA) اور اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کے مابین لاہور میں رہائشی منصوبے کے آغاز کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایف جی ای ایچ اے کیپٹن (ر) ظفر اقبال بھی موجود تھے

مجوزہ رہائشی منصوبہ ملتان روڈ لاہور پر تقریباً 750 کنال اراضی پر مشتمل ہے، جسے اینڈ پروڈکٹ/ٹرن کی ماڈل کے تحت مکمل کیا جائے گا، منصوبہ لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (LDA) سے منظور شدہ ہے اور بحریہ انکلیو کے قریب واقع ہے

نجی شعبے کے تعاون، شفافیت اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے وفاقی سرکاری ملازمین کے لیے بہتر رہائشی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی، ڈائریکٹر جنرل کیپٹن (ر) ظفر اقبال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA)، اور اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کے مابین ڈائریکٹر جنرل FGEHA، کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی موجودگی میں لاہور میں رہائشی منصوبے کے آغاز کے لیے مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی جانب سے ڈائریکٹر جوائنٹ وینچر فیض عمر، جبکہ سمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کی جانب سے سردار عادل عمر نے ایم-او-یو پر سائن کیے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن تنویر حیدر کھوکھر، چیف انجینئر، ڈائریکٹر IT، ڈائریکٹر فائنانس، اور ایف جی ای ایچ اے کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ مجوزہ رہائشی منصوبہ ملتان روڈ لاہور میں واقع (بقیہ نمبر 12)

سوشل میڈیا پر مکمل پابندی حل نہیں، وفاقی وزیر آئی ٹی

چائلڈ سیفٹی کے لیے سٹیک ہولڈرز پر مشتمل سٹیئرنگ کمیٹی قائم کی جائے گی، شزا فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ بچوں اور نوعمر نوجوانوں کے لیے سوشل میڈیا پر مکمل پابندی عائد کرنا مسئلے کا حل نہیں ہے کیونکہ سخت پابندیاں انہیں وی پی این یا غیر منظم اور زیادہ (بقیہ نمبر 23)

چیف ایگزیکٹو آئیسکو 29 اکتوبر آئیسکو ریجن کے صارفین کی شکایات سنیں گے

اسلام آباد (این ای این) ترجمان آئیسکو کی جاری پریس ریلیز کے مطابق چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود مورخہ 29 اکتوبر 2026 (بروز جمعرات) (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں اسلام آباد میں فراہمی آب کے شعبے میں ایک نئے دور کا آغاز

سی ڈی اے کا شاہدرہ ڈیم منصوبے کی تعمیر کا اعلان

شاہدرہ ڈیم منصوبہ دو سال میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، شہر کو یومیہ 1 کروڑ گیلن اضافی پانی میسر آئے گا

وفاقی دارالحکومت میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے، آبی وسائل میں اضافے اور شہریوں کے لیے طویل مدتی آبی تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (این ای این) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اسلام آباد میں فراہمی آب کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانے کے لیے ایک اہم قدم اٹھا رہی ہے، جس کے تحت شاہدرہ ڈیم منصوبے کی تعمیر جلد شروع کیے جانے کا امکان ہے۔ یہ منصوبہ وفاقی دارالحکومت میں پانی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ تعمیراتی شعبے میں اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کریں گے

وزیراعلیٰ مریم نواز کی سالگرہ کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد

ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ہیڈ آفس میں مریم نواز شریف کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور ملکی ترقی و سلامتی کے لیے دعائیہ تقریب منعقد ہوئی

تقریب میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ ممبران حافظ عبداللہ بٹ اور تنویر اختر شیخ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی

وزیراعلیٰ کی قیادت میں ''ستھرا پنجاب'' جیسے منصوبے بہتر شہری ماحول کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں حافظ عبداللہ بٹ

صفائی کو بنیادی ضرورت قرار دیتے ہوئے تمام اداروں پر پیشہ ورانہ لگن سے کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا، تنویر اختر شیخ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ہیڈ آفس میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران حافظ عبداللہ بٹ اور تنویر اختر شیخ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں قائم مقام سی ای او ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی بلال خاور (بقیہ نمبر 13)

عمران خان سمیت تمام قیدیوں کو اسلام آباد کی نئی ماڈل جیل منتقل ہونا ہے

اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ عمران خان سمیت تمام قیدیوں کو اسلام آباد کی نئی ماڈل جیل منتقل ہونا ہے، اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران میں اجلاس پاکستان کی بہت بڑی کامیابی ہے، فیلڈ مارشل کی کوشش کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 24)

خیبرپختونخوا کی صورتحال، وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس (آج) متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی زیر صدارت خیبرپختونخوا کی صورتحال بارے اجلاس (آج) جمعرات کو ہوگا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی زیر (بقیہ نمبر 25)

بی آئی ایس پی اور شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (زیب ٹیک) خواتین کی فنی تربیت کے فروغ کے لیے یکجا

50 مستحق خواتین کو 3 ماہ کی تکنیکی تربیت دینے کا اعلان

کراچی اور شہید بینظیر آباد اضلاع کی 50 مستحق خواتین (ہر ضلع سے 25 خواتین) کو 3 ماہ پر مشتمل فنی اور پیشہ ورانہ تربیت دی جائے گی

آئی ٹی، ڈیجیٹل اسکلز، سولر ٹیکنالوجی، موبائل ریپیئرنگ، بیوٹی سروسز، سلائی، دستکاری اور بزنس اسکلز فراہم کی جائے گی

بینظیر ہنرمند پروگرام (BHP) کے تحت خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا اور روزگار/خود روزگار کے قابل بنانا ہے، سینیٹر روبینہ خالد

ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ہیڈ آفس میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کے موقع پر کیک کاٹنے کے بعد شرکاء دعائے خیر کر رہے ہیں

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی)، سینیٹر روبینہ خالد نے زیب ٹیک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، وحید مہیسر سے ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی)، سینیٹر روبینہ خالد نے زیب ٹیک (SZABIST ZABTech) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، وحید مہیسر سے ملاقات کی، جس میں کراچی اور شہید بینظیر آباد میں بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والے خاندانوں کی 50 خواتین کو فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے ایک پائلٹ منصوبے پر تبادلۂ خیال کیا (بقیہ نمبر 14)

سی ایم پنجاب سپورٹس اکیڈمیز کے کھلاڑیوں کا پہلا بین الاقوامی اعزاز

تھائی لینڈ میں 11 میڈلز جیتنے پر تقریب، فیصل ایوب کھوکھر کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

کھلاڑیوں کیلئے کیش انعامات اور پنجاب سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ میں شامل کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) گلوبل لیزرن تھائی لینڈ کے مقابلوں میں سی ایم پنجاب سپورٹس اکیڈمیز کے میڈلز جیتنے والے کھلاڑیوں کے اعزاز میں بدھ کے روز نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر تھے۔ سی ایم پنجاب سپورٹس اکیڈمیز کے کھلاڑیوں نے تھائی (بقیہ نمبر 31)

سرگودھا، ساہیوال پولیس کا کریک ڈاؤن، 3 خطرناک گینگز کے 6 ملزمان گرفتار

پولیس نے مجموعی طور پر 6 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 کروڑ روپے سے زائد کا مالِ مسروقہ برآمد کر لیا

چوری اور سنیچنگ کے 97 مقدمات میں مطلوب 2 گینگز سے 1 کروڑ 9 لاکھ روپے نقدی اور 22 لاکھ کی موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں

ڈی پی او سرگودھا توقیر محمد نعیم نے بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او محمد اقبال ہریہ اور ان کی ٹیم کو شاباش دی

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا توقیر محمد نعیم کی قیادت میں ساہی وال پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی، چوری، نقب زنی، موٹر سائیکل چوری اور سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث 3 خطرناک گینگز کے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مالِ مسروقہ بھی برآمد کر لیا۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 9)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا توقیر محمد نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اٹھائیسویں ترمیم پر اتفاق رائے پیدا کریں گے، وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ اٹھائیسویں ترمیم پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر اتفاق رائے پیدا کریں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ 28 ویں ترمیم کا ابھی کوئی مسودہ تیار نہیں (بقیہ نمبر 26)

ایران کا قطر سے ثالثی کے تقاضوں پر عمل اور محتاط بیانات کا مطالبہ

تہران (اے ایف پی) ایران کی وزارتِ خارجہ کے ایک سینئر اہلکار نے قطر پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی ثالثی کی ذمہ داریوں کے تقاضے پورے کرے اور عوامی بیانات دیتے وقت زیادہ احتیاط سے کام لے۔ سرکاری خبر رساں (بقیہ نمبر 27)

رواں سال 5143 آپریشنز کے دوران کتنے دہشت گرد مارے گئے؟

قومی ایکشن پلان کے تحت انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے رواں سال میں ملک بھر میں دہشت گردوں کے خلاف 5143 ہزار آپریشنز (بقیہ نمبر 28)

شاہکوٹ، ماڈل بازار اور بیوٹیفکیشن کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ

چیف وہپ پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد اور اسسٹنٹ کمشنر ثاقب عدنان کا دورہ

شاہکوٹ (میاں داؤد حسین) ممبر صوبائی اسمبلی و چیف وہپ پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد اور اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثاقب عدنان نے شاہکوٹ میں جاری ماڈل بازار اور بیوٹیفکیشن کے ترقیاتی کاموں کا موقع پر جا کر جائزہ لیا۔ اس موقع پر انجمن تاجران (بقیہ نمبر 18)

سابق جنرل منیجر ہائیڈل واپڈا چوہدری فضل احمد انتقال کر گئے

مرحوم نے 1969-2012 پیشہ ورانہ زندگی قومی خدمت، فنی مہارت، دیانت داری اور عزم و استقلال کے ساتھ گزاری

واپڈا ٹاؤن لاہور میں تدفین، نمازِ جنازہ میں سیاسی، سماجی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کی شرکت

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر میڈیا، ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارت سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل، چوہدری ضمیر اشرف کے سسر اور واپڈا کے سابق جنرل منیجر ہائیڈل چوہدری فضل احمد انتقال کر گئے۔ مرحوم کو واپڈا ٹاؤن لاہور کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ان کی نمازِ جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات، واپڈا کے اعلیٰ حکام، انجینئرنگ کے شعبے سے وابستہ ممتاز افراد اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ چوہدری فضل احمد کی وفات سے ایک ایسی شخصیت ہم سے جدا ہوگئی جس نے اپنی 1969-2012 پیشہ ورانہ زندگی قومی خدمت، فنی مہارت، دیانت داری اور عزم و استقلال کے ساتھ گزاری۔ مرحوم نے بطور چیف انجینئر منگلا ڈیم، وارسک ڈیم، گوجرانولہ، گجرات اور سعودی عرب میں اہم ذمہ داریاں نبھائیں اور اپنی فنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ بصیرت اور قائدانہ کردار (بقیہ نمبر 15)

سینیٹر روبینہ خالد سے پیپلز پارٹی پنجاب کے سینئر رہنماؤں کی ملاقات

مستحق خاندانوں کی سماجی و معاشی معاونت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے سینئر رہنماؤں قمر زمان کائرہ، ندیم افضل چن، تسنیم قریشی اور چوہدری سجاد الحسن نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات (بقیہ نمبر 17)

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے سینئر رہنماؤں قمر زمان کائرہ، ندیم افضل چن، تسنیم قریشی اور چوہدری سجاد الحسن ملاقات کر رہے ہیں

کوئی چیخے، روئے یا پیٹے نئے صوبے بن کر ہی رہیں گے

نئے صوبے بنانے کیلئے ریفرنڈم یا عوامی سروے کروایا جائے، چیئرمین اختر اقبال ڈار

شیخوپورہ (این این آئی) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ کوئی چیخے، روئے یا پیٹے نئے صوبے بن کر ہی رہیں گے، اختیارات کی گراس روٹ لیول تک تقسیم سے ہی عوام کے مسائل حل ہو سکتے ہیں اور اس سلسلہ میں نئے صوبے (بقیہ نمبر 32)

کیپٹن (ر) عبدالرحمان ڈپٹی کمشنر جھنگ تعینات

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سیکرٹریٹ کی ڈسپوزل پر موجود گریڈ 18 کے افسر کیپٹن (ر) عبدالرحمان کو ڈپٹی کمشنر جھنگ تعینات کر دیا گیا۔ یہاں پر تعینات بابر (بقیہ نمبر 33)

چیئرمین سی ڈی اے کا کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ

چیئرمین سی ڈی اے کا کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ، اعلیٰ معیار کے ساتھ بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت

منصوبے کی تکمیل سے اسلام آباد اور راولپنڈی کے درمیان ٹریفک کی روانی بہتر ہونے، رش میں کمی اور شہریوں کے سفری وقت کی بچت کی توقع ہے

سی ڈی اے کی اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی کے لیے اہم ترقیاتی منصوبوں، بالخصوص کشمیر چوک انڈر پاس کی تعمیر کے حوالے سے کاوشوں کو سراہا

شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ اس منصوبے کی تکمیل سے ٹریفک کی روانی مزید بہتر اور بلاتعطل ہوگی، ٹریفک کی رکاوٹوں میں کمی آئے گی

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے اسلام آباد میں کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعمیراتی سرگرمیوں کی تازہ ترین پیش رفت اور جاری کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران اور منصوبے پر کام کرنے والی ٹیموں کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور انجینئرنگ، تعمیراتی معیار، (بقیہ نمبر 11)

انسدادِ سموگ کارروائیاں تیز، 197 بھٹے مسمار، 163 سیل

خلاف ورزیوں پر 162 مقدمات درج، 4 کروڑ 7 لاکھ روپے جرمانے عائد

لاہور (اے ایف پی) محکمہ ماحولیات پنجاب نے انسدادِ سموگ کارروائیوں کے دوران ایک ماہ میں 197 غیر معیاری اینٹوں کے بھٹے مسمار اور 163 سیل کر دیے، جبکہ خلاف ورزیوں پر 162 مقدمات درج کر کے مجموعی طور پر 4 کروڑ 7 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 29)

ایل پی جی کی نئی پالیسی امپورٹ پیریٹی پرائس پر مشتمل ہوگی

ایل پی جی کی قیمتوں کا فارمولا پیٹرولیم مصنوعات کی طرز پر طے کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت پیٹرولیم نے لیکوفائیڈ پیٹرولیم گیس ایل پی جی کی قیمتوں کا فارمولا پیٹرولیم مصنوعات کی طرز پر طے کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزارت پیٹرولیم نے ایل پی جی قیمتوں کی نئی پالیسی پر کام شروع کر دیا۔ ایل پی جی کی قیمتوں کا فارمولا، (بقیہ نمبر 30)

سی ڈی اے کا سیکٹر آئی 15- میں بڑا آپریشن، زمین واگزار، دو دہائیوں بعد قانونی الاٹیز کیلئے 500 پلاٹس کی ترقی کی راہ ہموار

20 سال سے قائم تجاوزات کا خاتمہ، 36.5 ایکڑ اراضی واگزار

شہریوں کی جانب سے 500 پلاٹس کو تجاوزات سے واگزار کروانے پر سی ڈی اے کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے سیکٹر آئی 15- کے سب سیکٹر 1 میں طویل عرصے سے قائم تجاوزات ختم کر کے ایک اہم پیش رفت کی ہے۔ اس کارروائی سے تقریباً 500 پلاٹس کی منصوبہ بندی کے مطابق ترقی کی راہ ہموار ہوگئی ہے، جن کے قانونی الاٹیز کی سرمایہ کاری 2005 میں سیکٹر کے آغاز سے اب تک زمین پر ناجائز قبضہ تھا۔ شہریوں نے تقریباً 500 پلاٹس کے لیے اراضی کو تجاوزات (بقیہ نمبر 16)

ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی ادارے کیلئے فراہم کی جانے والی نئی گاڑی کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب، پارلیمنٹیرین اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان گوجرانوالہ میں ضمنی انتخابات حلقہ این اے 77 کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں شریک ہیں۔ اس موقع پر پی پی 16 ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک رضوان افسر و دیگر کے ہمراہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

ABC Certified — MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

گیس بحران

ملک میں ایل پی جی کا بحران ہر گزرتے دن کیساتھ سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ پہلے عوام پٹرولیم مصنوعات کی بلند قیمتوں کی وجہ سے پریشان تھے‘ اب کھانا پکانے کا ایندھن بھی ان کی قوتِ خرید سے باہر ہو چکا ہے۔ خبروں کے مطابق لاہور میں ایل پی جی کے نرخ 650 سے 700 روپے فی کلو تک پہنچ چکے ہیں جبکہ دور دراز علاقوں میں نرخ اس سے بھی زیادہ ہیں۔ اس بحران کے دوران حکومت کی جانب سے سردیوں میں گھریلو صارفین کو روزانہ صرف آٹھ گھنٹے گیس فراہمی کے عندیے نے عوامی مشکلات میں اضافے کے خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ سردیوں کی ضروریات کا بروقت تخمینہ لگائے اور ملکی ضروریات کے مطابق گیس کی دستیابی یقینی بنائے۔ رسد میں مشکلات اپنی جگہ مگر پیشگی منصوبہ بندی اور مؤثر انتظامات کے ذریعے عوام کو ممکنہ بحران سے بچانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

دوسری جانب ایل پی جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کو صرف درآمدی مشکلات یا رسد میں کمی کا نتیجہ قرار دے کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت کو چاہیے کہ پیداوار اور درآمد سے لے کر ڈسٹری بیوشن پلانٹس‘ ہول سیل اور ریٹیل فروخت تک پوری سپلائی چین کی نگرانی کرے۔ محض فلنگ سٹیشنز پر چھاپے مارنا کافی نہیں؛ اصل توجہ ان عناصر پر ہونی چاہیے جو رسد اور قیمتوں پر اثرانداز ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

پہاڑوں کا خزانہ، عوام کا خالی دامن

محمد حسن رضا

ابنِ خلدون نے اپنے شہرۂ آفاق ”مقدمہ“ میں لکھا تھا کہ ظلم معاشرے اور تہذیب و تمدن کی تباہی کا پیش خیمہ ہے۔ خیبر پختونخوا کے معدنی وسائل کی بحث بھی اسی تناظر میں دیکھی جانی چاہیے۔ جس سرزمین سے معدنی دولت نکلے‘ وہاں کے باشندوں کو اس کا حساب تک نہ ملے تو یہ معاملہ محض معاشیات کا نہیں انصاف کا بن جاتا ہے۔ خیبر پختونخوا کے پہاڑ کسی حکومت کی ذاتی جاگیر‘ کسی سیاسی جماعت کا انتخابی چندہ یا کسی ادارے کی غیر مشروط ملکیت نہیں۔ قومی وسائل کی شفاف نگرانی ہی قومی مفادات کے تحفظ کی بنیاد ہے۔

سرکاری اعداد و شمار کے مطابق قیام پاکستان سے 2010ء تک خیبر پختونخوا میں معدنی لائسنسوں کی تعداد 482 تھی‘ جو 2020ء تک 1762‘ فروری 2024ء تک 3962 اور اب 4917 بتائی گئی ہے۔ ان میں 4133 آباد اور 784 ضم شدہ اضلاع سے متعلق ہیں جبکہ 500 سے زائد نئی درخواستیں زیرِ غور ہیں۔ یہ اضافہ ابتدائی تعداد سے دس گنا زیادہ ہے‘ اس لیے لائسنسوں کا مکمل ریکارڈ سامنے آنا چاہیے۔ واضح کیا جائے کہ یہ مجموعی اجرا ہے یا فعال لائسنس‘ اس میں تجدید شدہ ٹائٹلز شامل ہیں یا نہیں اور قبائلی اضلاع کے انضمام سے کیا تبدیلیاں آئیں۔ پھر اصل امتحان شروع ہونا چاہیے‘ کس کو کتنی زمین ملی‘ اہلیت کیا تھی‘ مقابلہ کیسے ہوا‘ واجبات کتنے تھے اور وصولیاں کتنی ہوئیں؟ سیاسی وابستگیوں پر شور مچانا آسان ہے؛ اصل فائدہ اٹھانے والوں کے نام‘ کمپنیوں کی ملکیت اور فیصلہ کرنے والوں کے دستخط سامنے رکھنا مشکل ہے۔ احتساب کرنا ہے تو یہی مشکل کام کیجیے۔

سابق صوبائی وزیر خیبر پختونخوا عارف احمد زئی کے مطابق لائسنسوں میں اضافے سے معاشی سرگرمیاں بڑھیں اور معدنی آمدنی 70 کروڑ سے 14 ارب روپے تک پہنچی۔ وہ شفاف طریقۂ کار کا دفاع کرتے ہوئے چار بڑے لائسنسوں میں صرف ایف ڈبلیو او کے لائسنس کو فعال بتاتے ہیں۔ دوسری طرف خواجہ آصف ایف ڈبلیو او کو 2015ء میں بویا کے مقام پر صرف ایک لائسنس ملنے کا ذکر کرتے ہیں۔ لیکن لائسنسوں کی تعداد کیساتھ ان کی معاشی مالیت کا حساب بھی ضروری ہے کیونکہ ایک بڑی تانبے کی کان کی قدر سینکڑوں چھوٹی لیزوں سے مختلف ہو سکتی ہے۔ شمالی وزیرستان کا محمد خیل کا پر منصوبہ اسی لیے اہم ہے۔ ایف ڈبلیو او کی ویب سائٹ اسے پاکستان کا دوسرا بڑا کاپر مائننگ آپریشن قرار دیتی ہے جو 2019ء سے فعال ہے۔ تقریباً 30 مربع کلومیٹر پر پھیلے اس منصوبے میں کھلی کان اور روزانہ 1500 ٹن معدنی مواد پراسیس کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ رپورٹ میں 15 جولائی 2016ء کو بیس سالہ مائننگ لیز اور پانچ اپریل 2017ء کو اس وقت کی فاٹا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کیساتھ مشترکہ منصوبے کے معاہدے کا ذکر ہے۔ اصل لیز اور معاہدہ جاری کر کے انکی مدت اور شرائط واضح کی جائیں۔ بزنس ریکارڈر کی 12 اگست 2023ء کی رپورٹ کے مطابق اقتصادی رابطہ کمیٹی نے 10.7 ارب روپے کے اس منصوبے کو مخصوص ایکسپورٹ پراسیسنگ زون کا درجہ دیا۔ اس میں محمد خیل کی 30 مربع کلومیٹر مائننگ لیز‘ ایم ایل 30 اور منظر خیل کی 101 مربع کلومیٹر ایکسپلوریشن لیز‘ ای ایل 101 شامل تھیں۔ عمل درآمد کرنے والی ڈیگن ایکسپلوریشن ورکس کو ایف ڈبلیو او کی ذیلی کمپنی بتایا گیا۔ رپورٹ میں منافع کی تقسیم ڈیگن کیلئے 50 فیصد‘ منرلز ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ کیلئے 10 فیصد‘ کمیشن کیلئے 18 فیصد اور سماجی ذمہ داری کے فنڈ کیلئے 22 فیصد درج ہے۔ اب بتایا جائے کہ قابلِ تقسیم منافع کتنا تھا‘ اخراجات کس نے جانچے‘ ادائیگیاں کب ہوئیں‘ کمیشن کی حیثیت اور مستحقین کون ہیں اور سماجی فنڈ سے کتنے منصوبے مکمل ہوئے۔ اسمبلی دستاویز سے منسوب اعداد کے مطابق اس منصوبے سے 2016ء سے 2024ء تک نو لاکھ 52 ہزار میٹرک ٹن معدنی پیداوار ہوئی جبکہ رائلٹی‘ کرایوں اور مشترکہ منصوبے کی مد میں 18 کروڑ 98 لاکھ 3 ہزار روپے وصول ہوئے۔ متعلقہ حکام بتائیں کہ یہ واجبات کس مدت کے تھے۔ خیبر پختونخوا کے ممبر صوبائی اسمبلی نثار باز خان کے دعوے کے مطابق اس منصوبے کی پانچ فیصد رائلٹی تقریباً 34.5 ارب روپے بنتی تھی لیکن ادائیگی صرف 16 کروڑ 90 لاکھ روپے ہوئی۔ ایک رپورٹ میں اس منصوبے کی پیداوار نو لاکھ 87 ہزار ٹن بتائی گئی ہے‘ جو اسمبلی دستاویز کے عدد سے مختلف ہے۔ اس اختلاف کی وضاحت ضروری ہے۔ 34.5 ارب روپے کو ثابت شدہ خورد برد کہنا قبل از وقت ہوگا مگر اتنے بڑے دعوے کو نظرانداز بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اگر یہ رقم واقعی پانچ فیصد رائلٹی ہے تو متعلقہ مالیت 690 ارب روپے بنتی ہے؛ اس تخمینے کی دستاویزی بنیاد سامنے آنی چاہیے۔ سوال یہ ہے کہ عوام کو اپنے وسائل کی آمدنی جاننے کیلئے عدالت کیوں جانا پڑے؟ حکومت اور منصوبہ چلانے والے خود تفصیلات جاری کیوں نہیں کرتے؟ مولانا فضل الرحمٰن معدنی وسائل پر اختیار کے خدشات اٹھاتے ہیں تو ان سے بھی دستاویزات اور اپنی سیاسی کارکردگی کا حساب مانگا جانا چاہیے۔ انہوں نے شفافیت کیلئے کونسا ریکارڈ طلب کیا‘ کونسا معاملہ متعلقہ فورم پر اٹھایا اور کس معاہدے کی خلاف ورزی ثابت کی؟ اب اس مسئلے پر ایک اور کمیٹی کے اعلان سے کام نہیں چلے گا۔ ایک آزاد مالی اور تکنیکی آڈٹ کان سے فروخت اور وصولی تک پورا حساب جانچے۔ جہاں کم قیمت ظاہر کرنے‘ غیر قانونی کان کنی‘ واجبات روکنے یا ملی بھگت کے شواہد ملیں‘ وہاں رقم وصول کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

خیبر پختونخوا کے معدنی وسائل‘ سیاسی اثر و رسوخ اور کاروباری مفادات کے مبینہ گٹھ جوڑ سے متعلق مزید سنگین الزامات بھی سامنے آئے ہیں جن کی تصدیق کیلئے سرکاری ریکارڈ‘ مالیاتی دستاویزات اور آزادانہ تحقیقات ضروری ہیں۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایک خان اور بعدازاں ان کے صاحبزادے کان کنی کے کاروبار سے منسلک رہے اور مبینہ طور پر صوبائی حکمران جماعت کے اہم عہدیداروں کے مالی سہولت کار یا کاروباری فرنٹ مین کے طور پر کام کرتے رہے۔ ان کے کاروباری اور خاندانی روابط اٹک‘ ٹیکسلا‘ ترنول‘ پتھر گڑھ‘ خانپور اور افغانستان تک پھیلے ہونے کا دعویٰ ہے۔ ذرائع خاندان کا تعلق افغانستان کے صوبہ ہرات سے بتاتے ہیں اور الزام ہے کہ خاندان کے بعض افراد نے نادرا سے پاکستانی شناختی کارڈ حاصل کیے‘ جبکہ کچھ افراد کو پرانے شناختی ریکارڈ کی عدم موجودگی کے باعث افغانستان واپس بھی بھیجا گیا۔ خاندان کے افراد ترنول‘ راولپنڈی اور پتھر گڑھ میں مشینری کے کاروبار سے وابستہ بتائے گئے۔ بھتیجے کے افغانستان واپسی کے بعد پاکستانی ویزے پر ٹیکسلا آنے‘ ایک رشتہ دار کی اراضی کی نگرانی کرنے اور اٹک میں سکیورٹی آپریشن کے بعد خاندان کو خانپور‘ ضلع ہری پور منتقل کرنے کے دعوے بھی ہیں۔ ان سب دعوؤں کی آزادانہ تصدیق ضروری ہے۔ الزام ہے کہ خانپور‘ ضلع ہری پور میں 99 سالہ معدنی لیز غیر معمولی کم نرخوں پر دی گئی اور اعلیٰ حکام نے سہولت کاری کی۔ پارٹی عہدیداروں کی جانب سے ایک فیکٹری سے اس کی زمین کے نیچے کان کنی جاری رکھنے میں سہولت مانگنے کا دعویٰ بھی ہے۔ رپورٹ میں خان مذکور اور ساتھیوں پر سیاسی شخصیات کو مالی معاونت دینے اور سیاسی سرگرمیوں کیلئے روزانہ 70 سے 80 لاکھ روپے فراہم کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ زمین‘ لیز اور مالی دعوؤں کی تصدیق ضروری ہے۔ افغانستان سے خاندانی تعلق‘ وہاں جائیداد یا کاروبار‘ یا کسی جماعت کو قانونی مالی معاونت دینا بذاتِ خود جرم نہیں۔ اصل سوال لیز کے قانونی اختیار و شرائط‘ حقیقی مستفیدین‘ کمپنیوں کی ملکیت و آمدن‘ دھماکا خیز مواد کے ضوابط اور سیاسی اثر و رسوخ کے ممکنہ نجی استعمال کا ہے۔ یہ شواہد تحقیقاتی اداروں اور عدالتوں کے سامنے لائے جائیں اور نامزد افراد کو جواب دینے کا موقع ملنا چاہیے۔ کیونکہ صوبے کے معدنی وسائل کسی حکومت‘ جماعت‘ سیاستدان یا کاروباری شخصیت کی ذاتی ملکیت نہیں‘ عوام کی اجتماعی امانت ہیں اور اس امانت کے ایک ایک معاہدے‘ ایک ایک روپے اور ایک ایک قانونی اجازت نامے کا حساب ہونا چاہیے۔

راولپنڈی کے قدیم چائے خانے......

شاہد صدیقی

کالج روڈ پر چائے خانوں کی ایک کہکشاں تھی۔ جس میں ایک ستارہ سب سے زیادہ روشن تھا‘ سب سے الگ‘ سب سے جدا! جس کی نرم مجلی چاندنی ہماری زندگیوں میں رچ بس گئی تھی۔ اس روشن ستارے کا نام زمزم ہوٹل تھا۔ میرے لیے زمزم ہوٹل کو بیان کرنا بہت مشکل ہے۔ یہ محبت اور وارفتگی کی ایک ایسی کیفیت تھی‘ جسے صرف محسوس کیا جا سکتا تھا۔ یہ اُن خوش رنگ دنوں کا بیان ہے جب میں گورڈن کالج سے ایم اے انگلش کر رہا تھا۔ گورڈن کالج محض ایک عام تعلیمی ادارہ نہیں تھا‘ ایک تہذیب اور ایک روایت کا نام تھا۔ کھیل‘ ڈرامے اور مباحثے یہاں کی زندگی کا ایک اہم حصہ تھے۔ طلبہ اور اساتذہ کا تعلق صرف کلاس روم تک محدود نہیں تھا۔ ہم ایم اے کے طلبہ کالج کے پروفیسرز میس کے باہر لان میں اساتذہ کے ساتھ علمی مکالموں کا حصہ ہوتے۔ کالج کے پروفیسرز میس کے قریب ہی گورڈن کالج کا عقبی گیٹ تھا‘ اس سے باہر نکلیں تو کالج روڈ کی طلسماتی دنیا ہماری منتظر ہوتی۔

عقبی گیٹ سے باہر نکل کر بائیں طرف چلنا شروع کریں تو ساتھ ہی ایک برگد کا درخت تھا۔ اس قدیم اور گھنے برگد کے نیچے لکڑی کی کرسیاں اور میزیں رکھے ہوتے۔ یہ ایک طرح سے زمزم ہوٹل کا صحن تھا۔ ہوٹل کے اندر داخل ہوں تو ایک مستطیل کمرہ ہمارے سامنے ہوتا۔ دروازے کے قریب‘ بائیں طرف ہوٹل کا مالک بٹ بیٹھا ہوتا۔ پھر ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے اس کا بیٹا تنویر بٹ اپنے والد کی جگہ بیٹھنے لگا۔ ہم جب بھی زمزم ہوٹل جاتے خوب رونق ہوتی۔ اندر جگہ نہ ملتی تو ہم باہر بچھی ہوئی کرسیوں پر بیٹھ جاتے۔ یہاں کی چائے کا اپنا ذائقہ تھا۔ کبھی کبھار ہماری فرمائش پر تنویر بٹ خاص مہربانی کرتا اور چائے کی سطح پر بالائی کی تہہ جما دیتا۔ زمزم ہوٹل کی ایک خاص بات یہ تھی کہ یہاں چائے کانچ کے چھوٹے چھوٹے گلاسوں میں دی جاتی تھی۔ زمزم ہوٹل گورڈن کالج کے طلبہ کا خاص ٹھکانہ تھا۔ ستر اور اسی کی دہائی کا گورڈن کالج کا ہر طالب علم زمزم ہوٹل کی یادیں اپنے سینے سے لگائے پھرتا ہے اور جب بھی وہ کالج کے دنوں کو یاد کرتا ہے‘ زمزم ہوٹل اس کی یادوں کی چلمن سے جھانکنے لگتا ہے۔

یہ وہ زمانہ تھا جب ہر کالج میں سٹوڈنٹس یونین ہوتی تھی اور طلبہ سیاسی حوالوں سے مختلف گروپس میں بٹے ہوئے تھے۔ بہت سے سیاستدانوں نے انہی طلبہ تنظیموں سے اپنے سفر کا آغاز کیا۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگائیں کہ گورڈن کالج میں ایک ہی وقت میں ایک ہی کلاس میں پرویز رشید‘ شیخ رشید‘ پرویز خٹک اور مہتاب عباسی شامل تھے۔ بعد میں پرویز رشید مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر بنے۔ شیخ رشید نے اپنی جماعت عوامی مسلم لیگ بنائی۔ متعدد بار قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور کئی اہم وفاقی وزارتوں پر فائز رہے۔ اسی طرح مہتاب عباسی اور پرویز خٹک دونوں مسلم لیگ (ن) اور تحریک انصاف کی طرف سے خیبر پختونخوا کی وزارتِ اعلیٰ کے منصب تک پہنچے۔ ایسے سیاسی ماحول میں طلبہ مختلف گروپس اور ٹولیوں میں زمزم ہوٹل پر بیٹھتے لیکن مکالمے کا ماحول بھی رہتا۔ ان دنوں سوشلزم اور اسلامی سوشلزم کی اصطلاحات عام تھیں اور ہوٹل میں اکثر یہ بحث ہوتی کہ ایشیا سبز ہے یا سرخ۔ ایک بار تو بڑی دلچسپ صورتحال پیدا ہوئی جب ایسا ہی ایک مباحثہ مولانا فتح محمد اور پرویز رشید کے مابین ہوا۔ مولانا فتح محمد جماعت اسلامی راولپنڈی کے امیر تھے اور ان کی رہائش کالج روڈ پر زمزم ہوٹل کے قریب ہی تھی۔ ایک روز مولانا فتح محمد صاحب زمزم ہوٹل آئے تو پرویز رشید کے ساتھ اسلام اور سوشلزم پر گفتگو شروع ہو گئی۔ پرویز رشید ان دنوں نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن (NSF) کے چیئرمین اور سوشلزم کے پرچارک تھے۔ چائے کی میز پر دونوں میں پُرجوش مکالمہ ہوا‘ اور خاص بات یہ ہے کہ دونوں طرف سے ادب اور احترام کی حدیں قائم رہیں۔

زمزم ہوٹل میں سیاست کے علاوہ شعر و ادب کی محفلیں بھی جمتی تھیں۔ نئی آنے والی کتابوں کا تذکرہ ہوتا۔ نادر روزگار اشعار پر بحثیں ہوتیں۔ مجھے یاد ہے ایک بار یہ شعر موضوع بحث بن گیا:

بہت نزدیک آتے جا رہے ہو
بچھڑنے کا ارادہ کر لیا کیا

گورڈن کالج کے پروفیسر وحید مرزا کا اصرار تھا کہ یہ شعر عدیم ہاشمی کا ہے کیونکہ یہ شعر عدیم ہاشمی نے خود پروفیسر وحید مرزا کو سنایا تھا اور یہ ان کی ایک غزل کا حصہ ہے‘ جس کا مطلع ہے: برہنہ ہوگئے ہیں زخم کیا کیا سویرا شامِ غم کا ہو گیا کیا۔ کچھ دوستوں کا خیال تھا کہ یہ شعر جون ایلیا کا ہے‘ جو جون کے کلام میں معمولی فرق سے کچھ یوں موجود ہے:

بہت نزدیک آتی جا رہی ہو
بچھڑنے کا ارادہ کر لیا ہے کیا

یہ شعر جون ایلیا کی جس غزل کا حصہ ہے اس کا مطلع ہے:

بہت دل کو کشادہ کر لیا کیا
زمانے بھر سے وعدہ کر لیا کیا

کافی بحث و مباحثے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ دونوں فریق درست کہتے ہیں۔ یہ شعر واقعی عدیم ہاشمی اور جون ایلیا‘ دونوں کے کلام کا حصہ ہے۔

زمزم ہوٹل کے ایک کمرے کے ڈھابہ نما ریستوران پر کیسے کیسے لوگ نہیں آتے تھے۔ ان میں طلبہ اور اساتذہ کی کوئی تمیز نہیں تھی۔ یہاں میں نے گورڈن کالج کے پرنسپل خواجہ مسعود‘ آفتاب اقبال شمیم‘ نصراللہ ملک‘ سجاد حیدر ملک‘ توصیف تبسم اور سجاد شیخ جیسے اساتذہ کو بھی دیکھا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ان محفلوں سے ہم نے بہت کچھ سیکھا۔ زمزم ہوٹل کی ایک خاص بات یہ تھی کہ ہم یہاں اپنی فرمائش پر اپنی پسند کے گیت بھی سن سکتے تھے۔ وہ گراموفون ریکارڈز کا زمانہ تھا۔ ہم ایک پرچی پر اپنا پسندیدہ گیت لکھ کر تنویر بٹ کو دے دیتے‘ جس کے پاس ایک طرف گراموفون ریکارڈز اور دوسری طرف ہماری فرمائشی پرچیوں کا ڈھیر ہوتا۔ تنویر بٹ کی جادوئی انگلیاں جیسے ریکارڈز کو پہچانتی تھیں‘ وہ پرچی پر لکھا کوئی بھی فرمائشی گیت پڑھتا تو اس کی انگلیاں ریکارڈز کے ڈھیر پر تھرتھراتیں اور چشم زدن میں مطلوبہ ریکارڈ اس کے ہاتھ میں ہوتا۔ کیسے کیسے گیت تھے جو ہم نے برگد کے بوڑھے درخت کے نیچے بچھی لکڑی کی کرسیوں پر چائے پیتے ہوئے سنے۔ دلچسپ بات یہ کہ زمزم ہوٹل سے کچھ ہی فاصلے پر بلراج ساہنی اور بھیشم ساہنی کا گھر تھا۔ ایک بھائی نے اداکاری اور دوسرے نے ادب کے شعبے میں نام کمایا۔ بلراج ساہنی کے گھر سے ذرا فاصلے پر مسجد کیلیاں والی گلی میں نامور گیت کار آنند بخشی کا گھر تھا‘ جنہوں نے بالی وڈ کیلئے ساڑھے تین ہزار سے زیادہ گیت لکھے۔ اسی گرد و نواح میں ایک اور معروف گیت کار شیلندر کا گھر تھا‘ جنہوں نے فلموں کے کتنے ہی خوبصورت گیت لکھے۔ کسی نے ایک بار معروف گیت نگار اور فلم ساز گلزار سے ان کے پسندیدہ گیت نگار کا پوچھا تو گلزار نے شیلندر کا نام لیا۔ شیلندر بھی راولپنڈی کے انہی گلی کوچوں میں پیدا ہوا تھا۔

جب ہم زمزم ہوٹل پر بیٹھتے اور آنند بخشی اور شیلندر کے گیت سنتے تو عجیب اپنائیت کا احساس ہوتا۔ پھر میرا کالج کا زمانہ ختم ہوا اور میں راولپنڈی سے دور چلا گیا۔ تب ایک دن جب میں لاہور میں اپنے آفس میں بیٹھا تھا مجھے راولپنڈی سے یارِ عزیز شاہد مسعود کا ٹیلیفون آیا جس نے خبر سنائی کہ ہمارا دیرینہ ٹھکانا زمزم ہوٹل ہمیشہ کیلئے ختم ہو گیا ہے۔ یہ خبر سن کر مجھے یوں لگا جیسے میرے اندر کوئی چیز ٹوٹ گئی ہو۔ ٹیلیفون بند کر کے میں نے آنکھیں بند کر لیں اور کرسی پر ڈھیر ہو گیا۔ چشم تصور مجھے کالج روڈ لے گئی۔ کیا دیکھتا ہوں‘ برگد کے بوڑھے درخت کے نیچے بچھی کرسیوں پر بیٹھا میں دوستوں کے ہمراہ چائے پی رہا ہوں اور تنویر بٹ نے ہماری فرمائش پر شیلندر کا گیت چلایا ہے: ”عجیب داستاں ہے یہ کہاں شروع کہاں ختم“۔ میں اپنی آنکھیں سختی سے بھینچ لیتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ یہ منظر کبھی ختم نہ ہو۔

SHOWBIZ شوبز

شوبز انڈسٹری میں نئے چہروں کو موقع دینا وقت کی ضرورت ہے

ہدایت کاروں کو نئے ٹیلنٹ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، ریشم

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ پاکستانی شوبز انڈسٹری میں نئے چہروں کو آگے آنے اور اپنی صلاحیتیں دکھانے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں، نئے فنکار اپنی محنت، تخلیقی سوچ اور منفرد انداز سے انڈسٹری میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ صرف اداکاری ہی نہیں بلکہ ہدایت کاری کے شعبے میں بھی نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے کا موقع ملنا چاہیے، نئے ہدایتکاروں کو مواقع فراہم کرنے سے فلم بینی کے انداز میں جدت پیدا ہو سکتی ہے، سینئر فنکاروں اور تجربہ کار ہدایت کاروں کو نئے ٹیلنٹ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹری کی ترقی کے لیے میرٹ، محنت اور صلاحیتوں کی قدر کرنا ضروری ہے۔ ریشم نے زور دیا کہ نئے فنکاروں اور ہدایتکاروں کو مناسب مواقع دے کر پاکستانی ڈرامہ اور فلم انڈسٹری کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔

اداکارہ صنم جنگ نے زندگی کی 38 بہاریں دیکھ لیں

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان صنم جنگ نے زندگی کی 38 بہاریں دیکھ لیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صنم جنگ 28 اکتوبر 1988 میں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے مختلف ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے، جبکہ نجی ٹی وی شو میں میزبانی کے فرائض بھی سرانجام دیئے۔ صنم جنگ نے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ اپنی سالگرہ کا کیک کاٹا۔

زندگی کی پہلی کمائی 10 روپے کا چیک تھا

کیش کرانے اسٹیٹ بینک چلا گیا تھا، سینئر اداکار فردوس جمال

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار فردوس جمال نے کہا ہے کہ وہ متنازعہ باتیں نہیں کرنا چاہتے لیکن بعض اوقات دانستہ طور پر انہیں متنازعہ بنا کر سکینڈل کی شکل دیدی جاتی ہے، فنکار پیدائش ہوتا ہے اسے بنایا نہیں جا سکتا۔ اپنی زندگی کے مختلف واقعات کا ذکر کرتے ہوئے فردوس جمال نے بتایا کہ انہیں پہلی کمائی پشاور ریڈیو سے 10 روپے کا چیک ملا تھا جسے کیش کروانے کے لیے وہ اسٹیٹ بینک چلا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اردو، سندھی اور انگریزی زبانیں سیکھی جبکہ پشتو انہیں پہلے ہی آتی تھی۔ فردوس جمال نے کہا کہ وہ خود کو لکھنے کے معاملے میں زیادہ ماہر نہیں سمجھتے اور اپنی زندگی کے بارے میں دو تین جملوں سے زیادہ نہیں لکھ سکتے تاہم، وہ اپنی زندگی کے تجربات اور یادوں کو کتابی شکل میں محفوظ کروانے کے خواہشمند ہیں۔ وہ کسی شخص کو اپنی زندگی کی کہانی لکھنے کے لیے کہیں گے اور اسے اپنے حالات و واقعات ڈکٹیٹ کرائیں گے، تاکہ ان کی زندگی کے تجربات اور یادیں تحریری صورت میں محفوظ ہو سکیں۔

بچوں کی گائیکی نے نارویجن موسیقار کو جھومنے پر مجبور کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی سرتال اکیڈمی کے بچوں نے ناروے کے موسیقار ولیم کیمبورگ کو بھی جھومنے پر مجبور کر دیا، بچوں نے ایسے سر لگائے کہ نارویجن موسیقار بھی داد دیے بغیر نہ رہ سکے اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ولیم کیمبورگ نے اس ویڈیو کو اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا تو دیکھتے ہی دیکھتے ویڈیو وائرل ہوگئی اور اب تک 2 روز کے دوران اسے ساڑھے 8 کروڑ کے قریب افراد دیکھ چکے ہیں اور 90 لاکھ سے زائد افراد اسے لائیک کر چکے ہیں۔ اس ویڈیو کو سوشل میڈیا کے دیگر پلیٹ فارمز پر بھی بڑے پیمانے پر شیئر کیا جا رہا ہے اور صارفین ان پر تبصرے کر رہے ہیں، صارفین بچوں کی گائیکی کو سراہتے ہوئے ان کے اعتماد کی بھی تعریف کر رہے ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے سے گفتگو میں میوزک اکیڈمی کے بانی ضیا الحق کا کہنا تھا کہ یہ ویڈیو گزشتہ ہفتے ریکارڈ کی گئی تھی، اس سے قبل بھی ہماری اکیڈمی کے بچوں کی ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی جب بچوں نے پی ایس ایل کی ایک تقریب میں پرفارم کیا تھا۔ خیال رہے کہ ولیم کیمبورگ نارویجن ہپ ہاپ بینڈ کوئیک سٹائل کے رکن ہیں، کوئیک سٹائل کی بنیاد پاکستانی نژاد بھائیوں سلیمان ملک اور بلال ملک نے اپنے نارویجن نژاد تھائی دوست ناصر سری خان کے ساتھ مل کر 2006 میں رکھی تھی۔

ببرک شاہ کی ٹی وی شوز اور پوڈ کاسٹس میں ڈیمانڈ بڑھ گئی

کامیابی کا کریڈٹ دوستوں اور اہلیہ کو دیتا ہوں: اداکار ببرک شاہ

لاہور (این این آئی) ریلٹی شو تماشہ سیزن فائیو کے فاتح ببرک شاہ کی مقبولیت میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ مختلف ٹی وی شوز میں ان کی طلب بڑھ گئی ہے، اس کے علاوہ انہیں مختلف پوڈ کاسٹس میں بھی مدعو کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نجی ٹی وی سے نشر ہونے والے ریلٹی شو تماشہ سیزن فائیو میں ببرک شاہ نے ٹرافی اور انعامی رقم جیت کر کامیابی حاصل کی تھی جس کے بعد مختلف اداروں اور فلاحی تنظیموں کی جانب سے بھی انہیں تقریبات میں مدعو کیا جا رہا ہے۔ پوڈ کاسٹ کرنے والے افراد بھی ان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں اور انہیں اپنے پروگراموں میں مدعو کرنے میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ ببرک شاہ نے اپنی کامیابی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہوں کہ مجھے انہیں اتنی بڑی کامیابی ملی۔ پہلے فلمی ہیرو تھا لیکن اب عوامی ہیرو بن گیا ہوں۔ انہوں نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ اپنی اہلیہ اور دوستوں کو دیتے ہوئے کہا کہ ان سب کی محبت، تعاون اور حوصلہ افزائی نے مجھے اس مقام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔

شبنم مجید نے گیت نگاری کے میدان میں بھی قدم رکھ دیا

شبنم مجید کے لکھے پنجابی گیت کو کینیڈا میں سکھ گلوکار کی آواز میں ریکارڈ کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ شبنم مجید نے گلوکاری کے ساتھ ساتھ گیت نگاری کے میدان میں بھی قدم رکھ دیا اور ان کے لکھے ہوئے پنجابی گیت کو کینیڈا میں مقیم سکھ گلوکار نے اپنی آواز میں ریکارڈ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شبنم مجید نے گانوں کے لیے شاعری لکھنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے اور ان کا پہلا گیت کینیڈا میں مقیم ایک سکھ گلوکار نے اپنی آواز میں ریکارڈ کرایا ہے۔ شبنم مجید نے کہا کہ میرے لکھے ہوئے کلام کے حوالے سے چند دیگر گلوکاروں کی جانب سے بھی رابطے کیے گئے ہیں، وہ مستقبل میں اپنا کلام دوسرے گلوکاروں کو بھی دیں گی تاکہ ان کی شاعری زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکے۔ گلوکارہ کے مطابق گلوکاری کے ساتھ شاعری کرنا ان کے لیے ایک نیا تجربہ ہے، میں موسیقی کے شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو مزید وسعت دینا چاہتی ہیں۔ امید ہے کہ میرے لکھے ہوئے گیت سننے والوں کو پسند آئیں گے اور انہیں اس نئے سفر میں مزید کامیابیاں حاصل ہوں گی۔

اداکارہ ثناء جلد نئے ٹی وی پراجیکٹ میں نظر آئیں گی

پرستاروں کی محبت کی مقروض ہوں، جلد پاکستان واپس آؤں گی، اداکارہ

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ثناء نے کہا ہے کہ بہت جلد اپنے پرستاروں کو ایک نئے ٹی وی پراجیکٹ میں نظر آؤں گی جس کے لیے انہوں نے کام کرنے کی حامی بھر لی ہے۔ لندن سے ”این این آئی“ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ثناء نے کہا کہ انہیں ڈراموں میں مرکزی کرداروں کی پیشکش کی جا رہی تھی تاہم وہ پہلے معذرت کرتی رہی ہیں اب انہیں ایک ایسے پراجیکٹ میں کام کرنے کی پیشکش ہوئی ہے جس کا موضوع مجھے اپنی شخصیت کے قریب لگا ہے۔ اس پراجیکٹ کی ریکارڈنگ کا سلسلہ بہت جلد شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے پرستاروں کی محبت کی مقروض ہیں جو سوشل میڈیا کے ذریعے مسلسل ان سے رابطے میں رہتے ہیں اور اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں۔ ثناء نے مزید کہا کہ میں جلد از جلد پاکستان واپس آنا چاہتی ہیں تاکہ وطن واپسی کے بعد نئے پراجیکٹ کا حصہ بن سکوں۔

SPORTS سپورٹس

ٹیم کے بولرز نے گزشتہ میچ کی خامیوں پر قابو پاتے ہوئے شاندار کم بیک کیا، سری لنکن باؤلنگ کوچ

لاہور (این این آئی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان کھیلے گئے اوڈی آئی ٹرائی نیشن سیریز کے پانچویں میچ کے بعد سری لنکن ٹیم کے بولنگ کوچ رائن وان نیکیرک نے کہا ہے کہ ٹیم کے بولرز نے گزشتہ میچ کی خامیوں پر قابو پاتے ہوئے شاندار کم بیک کیا اور جارحانہ انداز میں بولنگ کر کے میچ پر اپنی گرفت مضبوط بنائی۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ میچ میں 430 رنز بننے کے بعد بولنگ یونٹ نے وکٹیں حاصل کرنے، مثبت سوچ اپنانے اور حریف ٹیم پر دباؤ بڑھانے پر خصوصی توجہ دی، جس کے بہتر نتائج سامنے آئے۔ پچ کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے رائن وان نیکیرک نے کہا کہ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم کی پچ راولپنڈی کے مقابلے میں قدرے سست ہے اور اس پر ٹینس بال کی طرح باؤنس ملتا ہے، جبکہ راولپنڈی کی پچ پر گیند زیادہ تیزی سے بلے پر آتی تھی اور اوس کا اثر بھی موجود تھا، لاہور میں شام کے وقت گیند پچ پر قدرے رک کر آ رہی

نیشنل ماس ریسلنگ چیمپئن شپ نارتھ پنجاب نے جیت لی

وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی، رانا قاسم نون، اولمپین صدف صدیقی کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) نویں نیشنل ماس ریسلنگ چیمپئن شپ میں سنسنی خیز اور دلچسپ مقابلوں کے بعد نارتھ پنجاب نے 88 پوائنٹس کیساتھ پہلی پوزیشن اپنے نام کر لی۔ پاکستان سپورٹس کمپلیکس میں منعقدہ ایونٹ میں سولہ ٹیموں کے کھلاڑیوں کے درمیان پندرہ کیٹیگریز میں مقابلے ہوئے۔ وفاقی وزیر قومی ورثہ اورنگزیب خان کھچی، چیئرمین کشمیر کمیٹی رانا قاسم نون، چیئرمین پاکستان ماس ریسلنگ فیڈریشن نواب فرقان، اولمپین صدف صدیقی، پاکستان میں کرغز جمہوریہ کے ناظم الامور آئبک، پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل محمد سعید، سابق ڈی جی پی ایس بی اختر نواز گنجیرا سمیت دیگر شخصیات نے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔

اسلام آباد میں آئندہ ماہ تین جونیئر انٹرنیشنل ٹینس ٹورنامنٹ منعقد ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیرِ اہتمام نومبر میں ورلڈ ٹینس ٹور جونیئرز کے تین بین الاقوامی ٹینس ٹورنامنٹس اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے جن میں ملکی اور غیر ملکی جونیئر کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ شیڈول کے مطابق پہلا جے 60 انٹرنیشنل جونیئر ٹینس ٹورنامنٹ 2 سے 8 نومبر تک کھیلا جائیگا جبکہ دوسرا ایونٹ جے 30 ٹورنامنٹ 9 سے 14 نومبر تک منعقد ہوگا۔ تیسرا جے 30 ٹورنامنٹ 16 سے 21 نومبر تک کھیلا جائے گا۔ تینوں بین الاقوامی ایونٹس پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیرِ اہتمام پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوں گے۔ ان مقابلوں کا انعقاد پاکستان میں جونیئر ٹینس کے فروغ، نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی تجربہ فراہم کرنے اور عالمی سطح پر اپنی رینکنگ بہتر بنانے کے مواقع دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

سابق کپتان محمد یوسف نے بابر اعظم کی بیٹنگ تکنیک پر سوالات اٹھا دیے

لاہور (این این آئی) پاکستانی اسٹار بیٹر بابر اعظم کی بیٹنگ تکنیک پر ایک بار پھر بحث شروع ہو گئی ہے۔ سابق کپتان محمد یوسف کے مطابق وہ شاٹ کھیلتے وقت اپنے بائیں کندھے کو گیند کی لائن میں رکھنے کے بجائے دایاں کندھا کھلا رکھتے ہیں جس کے باعث انہیں گیند کی لائن اور سوئنگ سمجھنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال بابر جیسے معیاری کھلاڑی کے لیے افسوسناک ہے کیونکہ ماضی میں وہ ایسی گیندوں پر باآسانی ایکسٹرا کور کی جانب خوبصورت شاٹس کھیل دیا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کے اسی پراعتماد اور دلکش بیٹنگ انداز کی واپسی کا انتظار ہے جس نے انہیں عالمی کرکٹ میں نمایاں مقام دلایا تھا۔

آئی سی سی رینکنگ، ون ڈے میں پاکستان کا کوئی بیٹر ٹاپ 5 میں شامل نہیں، بابر اعظم نویں نمبر پر چلے گئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ون ڈے انٹرنیشنل میں کھلاڑیوں کی رینکنگ جاری کر دی جس میں پاکستان کا کوئی کھلاڑی ٹاپ 5 بیٹرز میں شامل نہیں۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری ون ڈے رینکنگ میں بھارت کے شبمن گل بلے بازوں میں پہلی پوزیشن پر برقرار ہیں جبکہ نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل کی دوسری اور بھارت کے ورات کوہلی کی تیسری پوزیشن برقرار ہے۔ بیٹرز کی رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم 2 درجہ تنزلی کے بعد نویں نمبر پر چلے گئے۔ دوسری جانب آئی سی سی ون ڈے بولرز رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ جنوبی افریقہ کے کیشو مہاراج ایک درجہ بہتری کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے، پاکستان کے ابرار احمد ایک درجہ تنزلی کے بعد تیسرے نمبر پر چلے گئے۔

RAWALPINDI WASTE MANAGEMENT COMPANY

(FRAME WORK TENDERS FY 2026-27)

RWMC invites sealed bids from bidders from well reputed Manufacturer / Companies / Distributors / Contractors and Authorized dealers registered with Income Tax Department. National competitive bidding process will be conducted online through E-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) under rule 38(2-a) of PPR-14.

Bidding Documents will be made available immediately after publication on PPRA Punjab and EPADS websites. Prospective bidders may view and download the Bidding Documents from PPRA Punjab website (www.ppra.punjab.gov.pk) & EPADS website (ep.punjab.gov.pk) free of cost.

Sr #	Tender Description	Procedure	Closing Date & Time	Opening Date & Time
1	Procurement of Tyres, Tubes & Flaps	Single Stage Two Envelope	16/11/2026 at 11:00 Hours	16/11/2026 at 11:30 Hours
2	Procurement of Plumbing Items	Single Stage Two Envelope	16/11/2026 at 11:00 Hours	16/11/2026 at 11:30 Hours
3	Spare Parts for Operational Vehicles	Single Stage Two Envelope	16/11/2026 at 11:00 Hours	16/11/2026 at 11:30 Hours
4	Procurement of 5m³ Containers	Single Stage Two Envelope	16/11/2026 at 11:00 Hours	16/11/2026 at 11:30 Hours

Bids duly completed, signed, stamped and in complete conformity with the Bidding Document shall be submitted online through EPADS website (i.e. ep.punjab.gov.pk). Online opening of Technical Bids will be conducted on the same day through EPADS in the presence of the prospective bidders or their representatives who choose to be present. Bids submission on EPADS portal shall entirely be the responsibility of the Bidder.

The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/View/Tender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Chief Executive Officer
Rawalpindi Waste Management Company
81-A/1, Iran Road, Satellite Town, Rawalpindi.
Email: proc.rwmc@gmail.com Ph: 051-9291116

IPL-11425

بقیہ 1
جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق ضلع کی 02 سکیمز میں سے ایک مین بازار اٹک کی بیوٹیفکیشن سکیم مکمل ہوچکی ہے۔اسی طرح گردوارہ سری پنجہ صاحب حسن ابدال انٹرنس روڈ کی بیوٹیفکیشن پر 99٪ کام مکمل ہو چکا ہے اور ابھی وہاں فوڈ کورٹ میں لف پیور کا کام جاری ہے، جسے آئندہ دس دنوں تک مکمل کرلیا جائے گا۔ضلع چکوال کی 02 سکیمز مین بازار تلہ گنگ اور چھپر بازار چکوال کی بیوٹیفکیشن کی دونوں سکیم مکمل ہیں۔ضلع جہلم میں بیوٹیفکیشن کی 04 سکیمز تھیں جو کہ مکمل کی جا چکی ہیں۔ان میں مین بازار دینہ، مین بازار سوہاوہ، میں بازار پنڈ دادنخان سٹی میں پیڈیسٹرین کاریڈور قائم کرنا اور جہلم شہر میں محفوظ پیڈیسٹرین بازار کے ساتھ ساتھ ملحقہ مین بازار کی اپگریڈیشن شامل ہے۔ضلع مری میں 04 سکیمز میں سے باڑیاں بازار اور مین بازار کوٹلی ستیاں کی اپ لفٹنگ کی سکیمز مکمل ہو چکی ہیں۔لوئر مال مری کی بیوٹیفکیشن اور نیو مری مارکیٹ کی اپ لفٹنگ کی سکیمز پر 85٪ کام مکمل ہو چکا ہو اور اس وقت لف پیور، گریننگ و سائیج پر کام ہورہا ہے۔ضلع راولپنڈی کی بیوٹیفکیشن کی 05 سکیمز میں سے 03 پر کام مکمل ہے۔ان میں شاپنگ سینٹر بازار گوجرخان کی ریہب و رینویشن، مزائل چوک تک چھتری چوک KRL روڈ کی بیوٹیفکیشن، فوارہ چوک تا ڈنگی کھوئی بازار کی ریہب و رینویشن کا کام مکمل ہو چکا ہے۔اسکے علاوہ کمرشل مارکیٹ کی بیوٹیفکیشن سکیم جس میں الجنت چوک سے 5th روڈ تک مین و ملحقہ سٹریٹس کی بیوٹیفکیشن سکیم پر 95٪ کام ہو چکا ہے۔اسی طرح لائبریری روڈ کہوٹہ کا کام 85٪ پر ہے اور اب وہاں آرچز پر کام شروع ہے۔کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ماڈل بازاروں کی بیوٹیفکیشن اور شہری سہولیات میں بہتری کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے انڈر پراگریس سکیمز پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور انکی بروقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے ماڈل بازاروں میں بہتر شہری ماحول، منظم برانڈنگ، خوبصورتی اور عوامی سہولیات کو ترجیح دینے کی ہدایت کی۔

بقیہ 2
کیے گئے۔تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے شاہکوٹ میں مختلف فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کے دوران خوراک کے معیار، تیاری کے مراحل، پیکنگ اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔دوران کارروائی ایک من سے زائد زائد المیعاد اور غیر معیاری مشروبات، بیکری مصنوعات، کھلے رنگ اور کیمیکلز تلف کردیے گئے۔اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد نے دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی صحت سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، ناقص خوراک کی تیاری اور فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔انہوں نے واضح کیا کہ خوراک کی تیاری، پیکنگ اور معیار میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔شہریوں کو خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔فوڈ بزنس سے وابستہ افراد قوانین اور حفظانِ صحت کے اصولوں کی مکمل پابندی یقینی بنائیں، بصورت دیگر سخت قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی صحت کے تحفظ کے لیے نگرانی اور کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور غیر معیاری خوراک کے کاروبار میں ملوث عناصر کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 3
کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب آئیسکو ڈیٹیکشن ٹیموں نے جرموٹ کلاں، پکا خانپور، بھائی خان اور کاہلی کھنگر میں کارروائیاں کرتے ہوئے ظہیر احمد، راسب حسین، یاسر محمود اور محمد اعظم کے خلاف بجلی چوری کے مقدمات درج کروائے۔ادھر تھانہ جاتلی پولیس نے راماں پھاٹک فائرنگ کیس میں گرفتار ملزمان مبشر رفاقت اور فیضان نجابت سے دوران تفتیش فائرنگ میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ اور بغیر نمبر موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے 21 اکتوبر کو فائرنگ کرکے محمد وسیم اسلم کو زخمی کیا تھا، جبکہ واقعے کے بعد فرار ہوتے ہوئے پٹرولنگ پولیس نے انہیں گرفتار کرکے جاتلی پولیس کے حوالے کیا تھا۔ دوسری جانب گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ماڑی بھیر، مرکز دیوی کا ایلیمنٹری سیکشن مبینہ طور پر ایس آئی ایس سے ختم کیے جانے پر والدین نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ان کے مطابق سکول کو پرائمری سطح تک محدود کرنے سے 20 سے زائد بچیوں کو آٹھ کلومیٹر سے زیادہ سفر کرکے دوسرے سکول جانا پڑے گا۔ والدین نے متعلقہ حکام سے معاملے کا نوٹس لینے اور بچیوں کا تعلیمی مستقبل محفوظ بنانے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 4
میں باقاعدہ تحریری درخواستیں جمع کرا رکھی ہیں۔گل خان کے بیان کے مطابق مبینہ وائس ریکارڈنگ میں شاہ کو دو ہزار روپے دینے سے متعلق گفتگو ہے، تاہم ان کا دعویٰ ہے کہ معاملہ محض دو ہزار روپے تک محدود نہیں تھا بلکہ ان کے بقول اگر ابتدا میں رقم ادا کر دی جاتی تو آگے مختلف افراد کے نام سامنے آتے اور معاملہ مبینہ طور پر دو لاکھ روپے تک پہنچ جاتا۔یہی وہ اہم سوال ہے کہ اگر گفتگو دو ہزار روپے سے شروع ہوئی تو معاملہ مبینہ طور پر دو لاکھ روپے تک کیسے پہنچ گیا؟ گفتگو میں بابر نذیر اور دیگر افراد کے نام لیے جانے کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے، تاہم ریکارڈنگ کی صداقت، اس کے مکمل سیاق و سباق اور بیان کردہ الزامات کی آزادانہ تصدیق ضروری ہے۔گل خان کے مطابق متعلقہ گاڑی بھی دو ماہ تک بند رہی، جس کے باعث گاڑی بند رکھنے کی وجوہات، قانونی بنیاد اور متعلقہ سرکاری ریکارڈ کی جانچ بھی اہمیت اختیار کرگئی ہے۔اس معاملے پر ڈی جی فاریسٹ، سیکرٹری فاریسٹ، چیف کنزرویٹر فاریسٹ اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی گئی ہے کہ معاملے کا نوٹس لے کر شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، جبکہ اینٹی کرپشن اور محکمہ محتسب بھی اپنی قانونی حدود کے مطابق موصولہ درخواستوں کا جائزہ لیں۔واضح رہے کہ اس خبر میں بیان کردہ الزامات، دعوؤں اور مؤقف کی ذمہ داری درخواست گزار گل خان پر عائد ہوتی ہے مزید محکمہ انٹی کرپشن اور محکمہ محتسب کی انکوائری کے بعد حتمی رپورٹ سامنے آئے گی۔

بقیہ 5
خطاب میں شہید حکیم محمد سعیدؒ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکیم صاحب نے اپنی ساری زندگی دیسی طریقہ علاج کے فروغ کے لیے وقف کردی ان کی محنت سے ہی آج یونانی طریقہ علاج رائج ہے آپؒ بیک وقت ایک عظیم طبیب، محقق، مصنف، سماجی رہنما اور محبِ وطن پاکستانی تھے حکیم صاحب نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ انسانیت کی خدمت اور پاکستان کی ترقی کے لیے صرف کیا حکیم محمد سعیدؒ کا خیال تھا کہ صحت مند انسان ہی ایک مضبوط معاشرے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے آپ تعلیم کو کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد سمجھتے تھے ان کا یقین تھا کہ تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی ان کی خواہش تھی کہ پاکستان کا ہر بچہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو آپؒ نے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے رسالہ ہمدرد نونہال جاری کیا شہید پاکستان حکیم محمد سعیدؒ کی زندگی ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ انسان کی حقیقی عظمت علم، کردار محنت اور خدمت انسانیت میں پوشیدہ ہے صدر پائم پروفیسر ڈاکٹر وحکیم عبدالحنان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکیم محمد سعیدؒ نے اپنی پوری زندگی انسانیت کی خدمت علم و ادب کے فروغ، طبِ مشرق کی ترقی، بچوں کی تعلیم و تربیت اور قومی تعمیر و ترقی کے لیے وقف کردی آپؒ کی زندگی کا سب سے اہم اور عظیم منصوبہ مدینۃ الحکمۃ تھا یہ منصوبہ محض چند تعلیمی اداروں کا مجموعہ نہیں بلکہ علم و تحقیق، تعلیم و تربیت، تہذیب و ثقافت اور قومی ترقی کا ایک جامع تصور تھا شہید حکیم محمد سعیدؒ چاہتے تھے کہ پاکستان میں ایک ایسا علمی مرکز قائم ہو جہاں نئی نسل کو جدید علوم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ اخلاق، کردار سازی، حب الوطنی اور خدمت انسانیت کا درس بھی دیا جائے آج ہماری ذمہ داری ہے کہ نئی نسل میں مطالعے کا شوق پیدا کریں اور تعلیم و تحقیق کے میدان میں پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں سیمینار سے حکیم بشیر بھیروی، سجاد اظہر، طارق چوہدری، جمیل مرزا، پروفیسر حکیم میرویس، حکیم یوسف خاکی اور حکیم محبوب الرحمن قریشی نے شہید حکیم محمد سعیدؒ کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہیدِ پاکستان حکیم محمد سعید کا شمار ان عظیم شخصیات میں ہوتا ہے جو صدیوں بعد پیدا ہوتی ہیں ایسی عظیم شخصیات کسی ایک قوم یا ملک کا سرمایہ نہیں ہوتیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ بن جاتی ہیں ہمیں ان کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا مشن بنانے کے ساتھ ساتھ علم و خدمت کو آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہیے پروگرام کے اختتام پر زونل ہیڈ ہمدرد فاؤنڈیشن امان اللہ نیازی نے صدر پائم پروفیسر ڈاکٹر وحکیم عبدالحنان اور حکیم بشیر بھیروی کے ہمراہ مہمان خصوصی کو عافیت سے جیتے رہو شیلڈ پیش کی اور شہیدِ پاکستان حکیم محمد سعیدؒ کی بلندی درجات اور ادارہ ہمدرد کی ترقی کے لئے خصوصی دعا کی۔

بقیہ 6
سیکرٹری ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب اور وزیر صحت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر کڑا احتساب کیا جائے، انکوائری رپورٹ سامنے لائی جائے اور ذمہ داروں کا تعین کرکے کارروائی کی جائے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے صحت عامہ کی بہتری کے ویژن پر عمل درآمد کے دعوے اپنی جگہ، مگر سرکاری ہسپتال میں مشین کی طویل بندش اور چوری کی رپورٹ پر خاموشی کس کی غفلت ہے؟ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی اور ڈی ڈی ایچ او گوجرخان اور انچارج آر ایچ سی قاضیاں سے بھی جواب طلب کیا جائے اور ایکسرے مشین فوری فعال کرکے مریضوں کو بنیادی تشخیصی سہولت فراہم کی جائے۔

بقیہ 7
ہیڈ کی تعمیر اور سڑکوں کی تعمیر و توسیع شامل ہے کے باعث متعلقہ فیڈرز پر محدود دورانیے کے لیے پیشگی منظوری کے تحت بجلی کی بندش کی جاتی ہے۔اس سلسلے میں صارفین کو پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے، جبکہ مساجد میں اعلانات کے ذریعے بھی پیشگی آگاہی فراہم کی جارہی ہے جس کا شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk پر بھی اپ لوڈ کیا گیا ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ شام کے اوقات میں بعض اوقات بجلی کی طلب اور رسد میں آنے والے عارضی فرق کے باعث فیڈرز پر مختصر دورانیے کے لیے لوڈ مینجمنٹ کی جاتی ہے، جسے طلب کے مطابق بجلی کی فراہمی بحال ہوتے ہی ختم کردیا جاتا ہے۔بجلی کی مسلسل فراہمی اور صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ آئیسکو کے اعلیٰ حکام کی کڑی نگرانی میں یقینی بنایا جارہا ہے۔صارفین کی سہولت کے لیے شکایات کے اندراج کی خاطر متعلقہ شکایت دفاتر اور ہیلپ لائن نمبر 118 چوبیس گھنٹے فعال ہیں۔

بقیہ 8
صبح 09:00 تا دن 11:00 بجے تک اسلام آباد۔ راولپنڈی سٹی ۔راولپنڈی کینٹ ۔ اٹک ۔ جہلم ۔چکوال سرکلز اور گردونواح کے آئیسکو صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل سنیں گے اور اُن کے بروقت حل کے لئے موقع پر ہی متعلقہ دفاتر کو بھیج دیا جائے گا۔ صارفین چیف ایگزیکٹو سے بات کرنے اور اپنے بجلی سے متعلقہ مسائل کے اندراج اور ازالے کیلئے فیس بک آئی ڈی CEO-IESCO اور E-Kachery اور ٹیلی فون نمبر 051-9253105 پر دیے گئے اوقات کار کے دوران رابطہ کر سکتے ہیں۔صارفین شکایات کے اندراج کے دوران اپنا نام، بل کا ریفرنس نمبر اور رابطہ نمبر ضرور بتائیں۔

بقیہ 9
کے مطابق تھانہ ساہی وال پولیس نے ڈی ایس پی قیصر عباس گجر اور ایس ایچ او اقبال ہریا کی قیادت میں مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوری، نقب زنی، موٹر سائیکل چوری اور موٹر سائیکل سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث دو گینگز کو گرفتار کیا، جو مجموعی طور پر 97 مقدمات میں ملوث بتائے جاتے ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک کروڑ 9 لاکھ روپے نقدی، 22 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔اسی طرح تھانہ ساہی وال پولیس نے ڈکیتی، چوری اور نقب زنی کے 15 مقدمات میں مطلوب دو رکنی گینگ کو بھی گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 45 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی برآمد کی۔ پولیس حکام کے مطابق ان کارروائیوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 2 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا، جبکہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی پی او توقیر محمد نعیم کی ایس ایچ او محمد اقبال ہریہ اور پوری ٹیم کو شاباش ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا توقیر محمد نعیم نے ساہیوال پولیس کی کارروائیوں کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ ساہیوال محمد اقبال ہریہ اور ان کی پوری ٹیم کو شاباش دی۔انہوں نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ساہیوال پولیس کی ان کارروائیوں کو علاقے میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 10
داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں شاہدرہ ڈیم منصوبہ اسلام آباد کے آبی وسائل میں اضافے اور شہریوں کے لیے طویل مدتی آبی تحفظ کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم اقدام ہے۔کئی دہائیوں کے انتظار، مشاورت اور غور و خوض کے بعد شاہدرہ ڈیم منصوبے کے ذریعے اسلام آباد کے نظام فراہمی آب میں سطحی پانی کا ایک نیا ذریعہ شامل ہونے کی توقع ہے۔اس منصوبے کی نگرانی ڈائریکٹر جنرل اسلام آباد واٹر سردار خان زمری کر رہے ہیں۔ منصوبے سے یومیہ تقریباً 50 لاکھ سے ایک کروڑ گیلن پانی 5) سے 10 ملین گیلن یومیہ) فراہم ہونے کی توقع ہے، تاہم حتمی مقدار کا تعین ڈیزائن، تکنیکی جائزوں اور آپریشنل انتظامات کی تکمیل سے مشروط ہوگا۔منصوبے کو دو سال کے اندر مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس کی بروقت تکمیل اسلام آباد کے آبی بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی اور شہر میں پانی کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کی جاری کوششوں کو مزید تقویت دے گی۔شاہدرہ ڈیم منصوبہ طویل مدتی منصوبہ بندی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور عوامی ضروریات سے متعلق بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔منصوبے پر بروقت عمل درآمد سے وفاقی دارالحکومت کو آبی تحفظ اور پائیدار مستقبل کی جانب ایک اہم پیش رفت حاصل ہونے کی توقع ہے۔شہریوں نے پانی کی فراہمی کی خدمات بہتر بنانے اور رہائشیوں کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے سی ڈی اے کی جاری کوششوں کو سراہا ہے۔سی ڈی اے عوام کے اعتماد، تعاون اور مسلسل حمایت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اسلام آباد بھر میں پانی کی فراہمی کو مزید قابلِ اعتماد، مسلسل اور مؤثر بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی، پانی کی مسلسل بڑھتی ہوئی طلب اور محدود آبی وسائل کے تناظر میں یہ کوششیں خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں ادارہ پانی کے اضافی ذرائع تلاش کرنے، موجودہ نظام فراہمی آب کو مضبوط بنانے اور اس کی مجموعی کارکردگی، مؤثریت اور قابلِ اعتماد ہونے کی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔شاہدرہ ڈیم منصوبہ ان وسیع تر کوششوں کا ایک اہم حصہ ہے، جن کا مقصد پانی کی دستیابی میں اضافہ اور اسلام آباد کے شہریوں کی طویل مدتی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔سی ڈی اے اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ وہ عوامی مفاد میں کام جاری رکھے گا اور اسلام آباد کے شہریوں کے لیے آبی تحفظ کو بہتر بنانے کی غرض سے پائیدار اقدامات اٹھاتا رہے گا۔

بقیہ 11
پائیداری اور حفاظتی اقدامات کے اعلیٰ ترین معیارات کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ بریفنگ کے دوران چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ کشمیر چوک انڈر پاس پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے ۔کشمیر چوک انڈر پاس پر کام کی پیش رفت وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے عزم اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں سی ڈی اے کی بھرپور کوششوں کی عکاس ہے، جن کا مقصد اہم بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنا اور وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانا ہے۔دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے جاری سول اور اسٹرکچرل تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا اور منصوبے کی انتظامی و انجینئرنگ ٹیموں کو ہدایت کی کہ وسائل کے بہترین استعمال اور مسلسل نگرانی کے ذریعے تعمیراتی کام کی موجودہ رفتار برقرار رکھی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ تمام تعمیراتی سرگرمیاں منظور شدہ انجینئرنگ ڈیزائن، تکنیکی وضاحتوں اور معیار کے مطابق انجام دی جائیں۔منصوبے کی پائیداری اور معیار کے علاوہ بروقت تکمیل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگِ بنیاد وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے رکھا تھا۔ بارش کے باعث دو روز کام متاثر ہونے کے باوجود منصوبے پر کام کرنے والی ٹیموں نے حوصلہ افزا رفتار برقرار رکھی ہے، جو اس اہم ترقیاتی منصوبے کو طے شدہ مدت میں مکمل کرنے کے عزم کا اظہار ہے۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس عوامی فلاح و بہبود کا ایک اہم منصوبہ ہے، جس کا مقصد اسلام آباد کے اہم چوراہوں میں سے ایک پر طویل عرصے سے درپیش ٹریفک کی بھیڑ کے مسئلے کو حل کرنا ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی معیار کی نگرانی، کام کے دوران حفاظتی انتظامات، ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی سہولت پر خصوصی توجہ دی جائے ، تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں کے باعث عوام کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔شہریوں نے اسلام آباد میں ٹریفک کی مسلسل بڑھتی ہوئی بھیڑ پر قابو پانے کے لیے کشمیر چوک انڈر پاس سمیت اہم بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی تعمیر کے سلسلے میں سی ڈی اے کی کوششوں کو سراہا ہے۔شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ اس منصوبے کی تکمیل سے ٹریفک کی روانی مزید بہتر اور بلاتعطل ہوگی، ٹریفک کی رکاوٹوں میں کمی آئے گی اور اسلام آباد و راولپنڈی کے درمیان سفر کرنے والے شہریوں کا قیمتی وقت بچے گا۔اس منصوبے کو شہری آمد و رفت کے نظام میں بہتری لانے اور رہائشیوں و روزانہ سفر کرنے والے افراد کو زیادہ سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا جا رہا ہے۔منصوبے کی تکمیل کے بعد کشمیر چوک انڈر پاس سے ٹریفک کی روانی بہتر ہونے ، رش اور سفری دورانیے میں کمی آنے اور اسلام آباد و راولپنڈی کے درمیان آمد و رفت مزید آسان ہونے کی توقع ہے ۔ اس منصوبے سے روزانہ ہزاروں شہریوں کو سہولت میسر آئے گی، جڑواں شہروں کے درمیان رابطہ مزید بہتر ہوگا اور شہری ٹرانسپورٹ کے نظام کو زیادہ مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سی ڈی اے عوامی بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو مؤثر انداز میں اور اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کے لیے تعمیراتی پیش رفت کی مسلسل اور کڑی نگرانی جاری رکھی جائے گی، تاکہ حکومت کے ترقیاتی وژن کو اسلام آباد اور راولپنڈی کے شہریوں کے لیے عملی سہولیات اور ٹھوس فوائد میں تبدیل کیا جاسکے۔

بقیہ 12
تقریباً 750 کنال اراضی پر مشتمل ہے۔منصوبے کو اینڈ پروڈکٹ/ٹرن کی ماڈل کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔ اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کا منصوبہ لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (LDA) سے منظور شدہ ہے اور ملتان روڈ، لاہور پر بحریہ انکلیو کے قریب واقع ہے ۔منصوبے کا محلِ وقوع اور متعلقہ منظوری اسے لاہور میں رہائشی سہولیات کی ترقی کے حوالے سے اہم بناتے ہیں۔ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، کیپٹن (ر) ظفر اقبال کا کہنا تھا کہ اسمارٹ سٹی ہاؤسنگ لاہور کی جانب سے اس رہائشی منصوبے کے حوالے سے ابتدائی پروپوزل پیش کیا گیا تھا، اور اب یہ ادارہ ایف جی ای ایچ اے کا بزنس پارٹنر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایف جی ای ایچ اے ایکٹ کے تحت اتھارٹی کو ملک بھر میں رہائشی منصوبوں کے لیے زمین حاصل کرنے اور منصوبے شروع کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اس مفاہمتی یادداشت (MoU) کا بنیادی مقصد ایسا باہمی تعاون قائم کرنا ہے جو دونوں فریقین کے لیے مفید اور یکساں طور پر سودمند (Win-Win Situation) ثابت ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ لاہور میں مقیم وفاقی سرکاری ملازمین کے لیے رہائشی سہولیات کے حصول میں ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا اور ان کی رہائشی ضروریات پوری کرنے کے لیے نئے مواقع فراہم کرے گا۔ڈائریکٹر جنرل ایف جی ای ایچ اے، کیپٹن (ر) ظفر اقبال نے کہا کہ اگر مستقبل میں اس منصوبے کے لیے مزید موزوں اراضی دستیاب ہوئی تو منصوبے کو وسعت دینے کے امکانات بھی موجود ہوں گے، جس سے رہائشی منصوبے کے دائرہ کار کو مزید بڑھایا جا سکے گا اور زیادہ سے زیادہ اہل وفاقی سرکاری ملازمین کو رہائشی سہولیات کی فراہمی کے مواقع میسر آ سکیں گے ۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایف جی ای ایچ اے، کیپٹن (ر) ظفر اقبال نے کہا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اپنے الاٹیز کو بہتر رہائشی سہولیات کی فراہمی اور رہائشی منصوبوں کی ترقی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے ۔انہوں نے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات میاں ریاض حسین پیرزادہ اور سیکرٹری ہاؤسنگ و تعمیرات کیپٹن (ر) محمد محمود کی معاونت، رہنمائی اور وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی سرپرستی اور تعاون سے اتھارٹی کے منصوبوں کو آگے بڑھانے اور رہائشی شعبے میں نئی پیش رفت کے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل رہی ہے ۔ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ وفاقی وزیر ہاؤسنگ اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی جانب سے رہائشی منصوبوں کی ترقی، ادارہ جاتی کارکردگی میں بہتری اور عوامی ضروریات کو ترجیح دینے کے وژن سے ایف جی ای ایچ اے کو اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں ادا کرنے کی ترغیب ملتی ہے ۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اتھارٹی اعلیٰ قیادت کی رہنمائی میں شفافیت، مؤثر منصوبہ بندی اور نجی شعبے کے ساتھ اشتراکِ عمل کے ذریعے رہائشی منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ مشترکہ منصوبہ جات کے تحت نجی شعبے کی مہارت اور دستیاب وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے رہائشی ترقی کے عمل کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے، جس سے وفاقی سرکاری ملازمین اور دیگر اہل اراکین کے لیے رہائشی سہولیات کی فراہمی کے مواقع میں اضافہ ہوگا۔یہ مفاہمتی یادداشت ایف جی ای ایچ اے کے مشترکہ منصوبہ جات کے تحت رہائشی منصوبوں کی ترقی اور نجی شعبے کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 13
سمیت دیگر افسران اور عملے نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی کے لیے اجتماعی دعا کی گئی۔اس موقع پر حافظ عبداللہ بٹ نے مریم نواز شریف کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے میں صفائی ستھرائی، شہری سہولیات کی بہتری اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے اقدامات اہمیت کے حامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب جیسے منصوبے عوامی خدمت اور بہتر شہری ماحول کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جبکہ ان اقدامات کی کامیابی کے لیے اداروں کے افسران اور فیلڈ ورکرز کی محنت قابلِ قدر ہے۔تنویر اختر شیخ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صفائی ستھرائی ایک بنیادی عوامی ضرورت اور اجتماعی ذمہ داری ہے۔ستھرا پنجاب پروگرام کے مؤثر نفاذ کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ ادارے جذبۂ خدمت، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ صوبے میں صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی، قومی ترقی، عوام کی خوشحالی اور پنجاب میں صفائی ستھرائی کے اقدامات کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 14
گیا۔یہ پائلٹ منصوبہ خاتونِ اوّل آصفہ بھٹو زرداری کی ہدایات پر شروع کیا جا رہا ہے ، جو خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے ان کے عزم کا عکاس ہے۔اس اقدام کے تحت دونوں اضلاع میں سے ہر ایک کی 25 خواتین کو تین ماہ پر مشتمل مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ تکنیکی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے گی، تاکہ ان کی ملازمت حاصل کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو اور انہیں خود روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی کے لیے خاتونِ اوّل کی مسلسل معاونت کو سراہا، بالخصوص بینظیر ہنرمند پروگرام (BHP) کے لیے، جس کا مقصد سماجی تحفظ کو ہنرمندی کی ترقی اور پائیدار ذرائع معاش کے مواقع سے منسلک کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ اقدام خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے خاتونِ اوّل کے عزم کو عملی اقدامات میں ڈھالنے کی ایک مثال ہے۔تربیتی پروگرام میں مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق مختلف شعبوں کو شامل کیا جائے گا، جن میں مہمان نوازی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل مہارتیں، بیوٹی سروسز، سلائی، دستکاری، موبائل فون کی مرمت، شمسی توانائی کی ٹیکنالوجی اور کاروباری سرگرمیوں کے آغاز و فروغ سے متعلق تربیت شامل ہیں۔شرکاء کو سفری اخراجات میں معاونت کے لیے ماہانہ وظیفہ دیا جائے گا، جبکہ تربیت کامیابی سے مکمل کرنے پر انہیں متعلقہ آلات اور اوزار پر مشتمل ٹول کٹس بھی فراہم کی جائیں گی۔تربیت کے بعد معاونت کے ذریعے فارغ التحصیل خواتین کو ملازمت اور خود روزگار کے مواقع سے منسلک کرنے میں مدد دی جائے گی۔زیب ٹیک کے نمائندگان نے بی آئی ایس پی کے بینظیر ہنرمند پروگرام کو سراہا اور مستفید ہونے والے خاندانوں کے لیے فنی تربیت کے دائرہ کار کو وسعت دینے کی غرض سے بی آئی ایس پی کے ساتھ طویل المدتی شراکت داری قائم کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔دونوں جانب سے امید ظاہر کی گئی کہ یہ پائلٹ منصوبہ مستقبل میں وسیع تر تعاون کی راہ ہموار کرے گا۔اجلاس میں بی آئی ایس پی کے ڈائریکٹر جنرل، کنڈیشنل کیش ٹرانسفرز، ڈاکٹر عاصم اعجاز؛ فوکل پرسن بینظیر ہنرمند پروگرام، حمیرا فاروق؛ ٹریننگ اسپیشلسٹ بینظیر ہنرمند پروگرام، عون ساہی؛ اور زیب ٹیک کی پروگرام مینیجر، ارشمہ شاہ نے شرکت کی۔

بقیہ 15
کے ذریعے ایسے اہم منصوبوں کی تکمیل میں نمایاں خدمات انجام دیں جنہیں ملکی سطح پر بھرپور پذیرائی اور خراجِ تحسین حاصل ہوا۔مرحوم چوہدری فضل احمد کا شمار ان تجربہ کار اور قابل انجینئرز میں ہوتا تھا جنہوں نے اپنی صلاحیتوں کو محض ایک پیشے تک محدود نہیں رکھا بلکہ قومی ترقی، آبی وسائل کے مؤثر استعمال اور تعمیر و ترقی کے اہم منصوبوں میں اپنا حصہ ڈالا۔ان کی پیشہ ورانہ زندگی اس حقیقت کی عکاس تھی کہ خلوصِ نیت، فنی قابلیت اور قومی جذبے سے سرشار افراد اپنے کام کے ذریعے ایسی یادگاریں چھوڑ جاتے ہیں جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنتی ہیں۔ان کی خدمات، پیشہ ورانہ وابستگی اور قومی منصوبوں میں کردار ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ چوہدری فضل احمد کی زندگی روشن روایت کی ایک قابلِ ذکر مثال تھی۔مرحوم کی رحلت پر ان کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب، دوست احباب اور شعبہ واپڈا سے وابستہ افراد گہرے رنج و غم میں مبتلا ہیں۔ان کے انتقال کو ایک بڑا نقصان قرار دیا جا رہا ہے، تاہم ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور قومی ترقی میں کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، انہیں جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام سوگواران، بالخصوص ان کے اہلِ خانہ کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

بقیہ 16
سے واگزار کروانے پر سی ڈی اے کی بہترین کارکردگی کو سراہا ہے۔شہریوں کے مطابق اس اہم اقدام سے سیکٹر آئی 15- کی ترقیاتی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی اور قانونی الاٹیز کو ان کے پلاٹس کا قبضہ فراہم کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل (انفورسمنٹ) سی ڈی اے ڈاکٹر انعم فاطمہ کی نگرانی میں تقریباً دو ماہ کی مسلسل کوششوں کے بعد شیخ پور گاؤں میں قائم تجاوزات کو کامیابی سے ختم کروا لیا گیا۔ آپریشن کے دوران 300 سے زائد مکانات، باڑے اور حویلیاں خالی کروائی گئیں، جس کے نتیجے میں طویل عرصے سے قائم وہ تجاوزات ختم ہوگئیں جو سیکٹر کی منصوبہ بندی کے مطابق ترقی میں رکاوٹ بنی ہوئی تھیں۔اس کارروائی کے نتیجے میں تقریباً 36.5 ایکڑ تعمیر شدہ اراضی واگزار کروالی گئی، جو سیکٹر کے تقریباً ایک چوتھائی حصے پر مشتمل ہے۔یہ پیش رفت آئی 15- کی منصوبہ بندی کے مطابق ترقی اور تقریباً دو دہائیوں بعد قانونی الاٹیز کو ان کے پلاٹس کا قبضہ فراہم کرنے کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے ۔متاثرہ الاٹیز کی ایک بڑی تعداد ریٹائرڈ سرکاری ملازمین پر مشتمل ہے، جن کی سرمایہ کاری کئی سال سے انتظار کر رہی تھی۔تجاوزات کے خاتمے سے ان کے دیرینہ مسائل کے حل اور پلاٹس کے قبضے کی حوالگی کی جانب پیش رفت کی توقع ہے ۔رہائشی پلاٹس کے علاوہ، تجاوزات کے زیر قبضہ مراکز کے پلاٹس بھی واگزار کروالیے گئے ہیں، جس سے سیکٹر کی منصوبہ بندی کے مطابق ترقی کے مزید مواقع پیدا ہوں گے ۔یہ معاملہ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کے نوٹس میں سی ڈی اے کی کھلی کچہری کے دوران لایا گیا تھا۔ ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ڈائریکٹوریٹ آف انفورسمنٹ نے تجاوزات کے خاتمے اور اراضی واگزار کروانے کے لیے مسلسل کوششیں کیں۔سی ڈی اے کے پلاننگ ونگ کو ہدایت کی گئی ہے کہ واگزار کروائے گئے علاقے کی منصوبہ بندی اور ترقیاتی کاموں کا عمل ہنگامی بنیادوں پر شروع کیا جائے ، تاکہ ضروری قانونی و انتظامی کارروائی مکمل کرکے قانونی الاٹیز کو جلد از جلد پلاٹس کا قبضہ دیا جاسکے ۔ اراضی واگزار کروانا اس مقصد کے حصول کی جانب ایک اہم قدم ہے ، تاہم قبضے کی باقاعدہ حوالگی ضروری منصوبہ بندی اور ترقیاتی مراحل کی تکمیل کے بعد عمل میں لائی جائے گی۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں ادارہ قانونی الاٹیز کے حقوق کے تحفظ، سرکاری اراضی کو تجاوزات سے واگزار کروانے اور منظور شدہ منصوبوں و متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق اسلام آباد کے رہائشی سیکٹرز کی ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ 17
کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، سیاسی و تنظیمی معاملات اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کی سماجی و معاشی معاونت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر مستحق خواتین اور خاندانوں کو سہولیات کی فراہمی، شفافیت اور سماجی تحفظ کے اقدامات کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 18
اور مسلم لیگ (ن) کے مقامی رہنما بھی ہمراہ تھے ۔دورے کے دوران ترقیاتی کاموں کے معیار اور رفتار کا معائنہ کیا گیا جبکہ متعلقہ حکام کو کام معیاری انداز میں مکمل کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ ماڈل بازار میں شہریوں کی سہولت کے لیے عوامی بیت الخلاء کی تعمیر بھی منصوبے میں شامل ہے ۔ان اقدامات کا مقصد شاہکوٹ کی خوبصورتی میں اضافہ اور شہریوں کو صاف ستھرا، خوشگوار ماحول فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 19
مارک اپ کا اعلان کیا اور تین کروڑ لون پر دو فیصد اور پانچ کروڑ لون پر پانچ فیصد انٹرسٹ لینے کا اعلان کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گندم کے امدادی نرخ 4500 روپے پر خریداری کیلئے عملدرآمد یقینی بنانے کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسان کارڈ کے ذریعے ڈی اے پی سپورٹ پروگرام کا بھی اعلان کیا۔کسان کارڈ پر ڈی اے پی کی خریداری کیلئے فی ایکڑ لون میں 3500 روپے اضافے کا بھی اعلان کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسان کارڈ پر کاشتکار کو 30 ہزار فی ایکڑ سے بڑھا کر 33500 کرنے کا اعلان کیا۔ پنجاب بھر میں 17 ارب روپے کے لون سے 50 لاکھ ایکڑ مالکان مستفید ہوں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زیتون کی کاشت کو بڑھانے اور تیل کی کاشت کیلئے پوٹھوہار ٹرانسفارمیشن پیکج کا اعلان کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں پانی چوری کیخلاف مہم جاری رکھنے اور نہروں کی بھل صفائی کیلئے اقدامات کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکار بھائیوں سے سموگ کے خاتمے کیلئے فصلوں کی باقیات نہ جلانے کیلئے معاونت کی اپیل کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسان بھائیوں سے ملکر اپنی سالگرہ کا کیک کاٹا۔ کاشتکار بھائیوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے صوبہ بھر سے چھوٹے، درمیانے اور بڑے کاشتکار نمائندوں نے ملاقات کی۔

بقیہ 20
اکتوبر 2026ء کو بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں سکیورٹی فورسز کے دو انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 9 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع کچھی میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کردیا گیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد ہلاک ہوئے ، آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا۔ضلع وڈھ میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگا کر انہیں مؤثر انداز میں روکا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد انجام کو پہنچ گئے ،ضلع وڈھ میں کارروائی کے دوران بھی اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، قومی ایکشن پلان کی حکمتِ عملی کے تحت عزم استحکام کے وژن کے مطابق انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 21
مقام پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں پہنچیں۔پولیس کے مطابق زخمیوں اور لاشوں کو تعلقہ اسپتال روہڑی منتقل کردیا گیا، دھماکے کے بعد قریب سے گزرنے والی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 22
مسائل کے ساتھ ساتھ اپنے ضمیر (کی آواز) کو بھی اس فیصلے کی بنیاد قرار دیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے (بی بی سی) کے مطابق صدرِ مملکت کو 28 اکتوبر 2026ء کو بھجوائے گئے اپنے استعفیٰ میں جسٹس کیانی نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ اور لاہور ہائی کورٹ میں خدمات انجام دینا ان کے لیے اعزاز کی بات رہی۔اپنے عدالتی دور کے دوران انہوں نے مختلف نوعیت کے 23 ہزار سے زیادہ مقدمات نمٹائے اور ہمیشہ آئین کی بالادستی، بنیادی حقوق کے تحفظ اور بلاخوف و امتیاز انصاف کی فراہمی کی کوشش کی۔اپنے استعفے میں انہوں نے موقف اختیار کیا کہ میری رائے میں 26ویں اور 27ویں آئینی ترامیم کے ذریعے متعارف کروائی گئی تبدیلیوں نے ہائی کورٹس کی خودمختاری اور ادارہ جاتی سالمیت کو متاثر کیا ہے۔ میں نے عدلیہ کے اداروں پر ایگزیکٹیو (انتظامیہ) کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کا مشاہدہ کیا ہے، جس کا دائرہ ججوں کی تقرری اور تبادلوں تک پھیل چکا ہے۔

بقیہ 23
خطرناک پلیٹ فارمز کے استعمال کی طرف دھکیل دیتی ہیں، اصل چیلنج نوجوان نسل کو جدید ٹیکنالوجی سے مکمل محروم کیے بغیر ان کے لیے ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول فراہم کرنا ہے۔بدھ کو یہاں ڈیجیٹل تحفظ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیکنالوجی ہمارے طرز زندگی اور بچپن کے روایتی تصور کو یکسر بدل چکی ہے، بچے مسلسل سکرین کے استعمال، ہم عمر ساتھیوں کے دباؤ اور بیرونی سماجی اثرات کا سامنا کررہے ہیں، ایسے میں بچوں کی سکرین کے استعمال کے اوقات کار اور دیر رات سوشل میڈیا کے استعمال کو محدود کرنے جیسے اہم سوالات پر سنجیدہ غور و خوض کی ضرورت ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ یہ ذمہ داری اکیلی حکومت، صرف والدین یا محض ٹیک کمپنیاں پوری نہیں کر سکتیں بلکہ اس کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کا باہمی اشتراک ناگزیر ہے۔

بقیہ 24
مسلم امہ ایک جگہ اکٹھی ہوئی، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے تہران اجلاس کو ممکن بنایا، تہران اجلاس کی تصاویر پوری دنیا نے دیکھیں، پاکستان پر امید ہے، تہران اجلاس کا اچھا نتیجہ نکلے گا۔عطا تارڑ نے کہا کہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا کہ پاکستان نے امن کیلئے کوششیں کیں، یہ پاکستان کیلئے فخر کا موقع ہے، امن کیلئے پاکستان کے کردار کی دنیا معترف ہے۔انہوں نے کہا کہ 28ویں ترمیم پر ابھی کوئی مشاورت شروع نہیں ہوئی، ابھی دسمبر میں وقت ہے، مستقبل میں کیا ہوگا یہ وقت بتائے گا۔عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ تمام قیدیوں نے نئی ماڈل جیل میں منتقل ہونا ہے، اس میں بانی پی ٹی آئی بھی ہوں گے، اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی۔ وزیراطلاعات نے کہا کہ کے پی حکومت کی واپسی پر کوئی بات نہیں ہوگی، خیبر پختونخوا حکومت کا چیپٹر بند ہو چکا ہے، سہیل آفریدی کا مستقبل تاریک نظر آرہا ہے، سہیل آفریدی نے تحریک انصاف کا بیڑہ غرق کردیا۔

بقیہ 25
صدارت خیبر پختونخوا کی صورتحال پر (آج)جمعرات کو اجلاس ہوگا، اجلاس میں صوبے کی امن وامان کی صورتحال، معاشی صورتحال سمیت دیگر امور زیرغور آئیں گے

بقیہ 26
ہوا، نئی ترمیم کے حوالے سے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر اتفاق رائے پیدا کرکے آگے بڑھیں گے۔

بقیہ 27
ایجنسی کے مطابق، ایرانی وزارت خارجہ کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ محمود مالکی کا یہ ردعمل قطری وزارتِ خارجہ کے شعبہ مواصلات کے ڈائریکٹر ابراہیم الہاشمی کے حالیہ بیان کے جواب میں سامنے آیا ہے۔قطری عہدیدار نے کہا تھا کہ قطر اور خلیج تعاون کونسل کے دیگر رکن ممالک متعدد بار علاقائی سلامتی کے فریم ورک کے قیام کے لیے اپنی آمادگی ظاہر کر چکے ہیں، اور اب تہران پر لازم ہے کہ وہ مجوزہ اصولوں پر عمل کرتے ہوئے عملی طور پر اپنی نیک نیتی کا مظاہرہ کرے۔انہوں نے کہا تھا کہ مثبت بیانات کے باوجود ایران کو اپنے مؤقف کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا چاہیے ، ہمسایہ ممالک کو دھمکیاں دینے سے گریز کرنا چاہیے اور آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی آزادی کو یقینی بنانا چاہیے۔اس پر ردعمل دیتے ہوئے ایرانی اہلکار نے کہا کہ تہران قطر سمیت تمام ممالک سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اپنی پالیسیوں اور طرزِ عمل میں باہمی خیر سگالی کا مظاہرہ کریں۔ بعض اقدامات، خصوصاً ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں کیلئے غیر ملکی قوتوں کو اپنی سرزمین یا تنصیبات استعمال کرنے کی اجازت دینا، علاقائی اعتماد کے منافی ہے اور اس سے اجتناب کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 28
کیے، جس کے نتیجے میں 2410 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔رواں سال کے پہلے ماہ کے دوران انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردی گئی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے تحریری جواب میں بتایا کہ یکم جنوری سے 29 ستمبر تک 5143 آپریشنز کیے گئے۔محسن نقوی نے کہا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری ہیں، 5143 آپریشنز میں 2410 دہشت گرد ہلاک، 806 زخمی جبکہ 3518 گرفتار ہوئے تاہم ان لائن انتہا پسندانہ مواد کی روک تھام پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔وزارت داخلہ کے مطابق 5 سال میں سوا 3 لاکھ افغان شہریوں کے پاکستانی شناختی کارڈ منسوخ ہوئے، لاکھ 26 ہزار 341 افغان شہریوں کے پاکستانی شناختی کارڈز منسوخ کئے۔

بقیہ 29
جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔محکمہ ماحولیات کے مطابق 28 ستمبر سے 27 اکتوبر تک صوبے بھر میں 11 ہزار 580 اینٹوں کے بھٹوں کی انسپکشن کی گئی، اس دوران ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے بھٹوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔صنعتی آلودگی کے خلاف کارروائیوں میں 6 ہزار 650 صنعتی یونٹس کی جانچ پڑتال کی گئی، 22 یونٹس مسمار اور 191 سیل کردیے گئے ، خلاف ورزیوں پر 333 سوگ نوٹس جاری کیے گئے ، جبکہ 15 مقدمات درج کرکے 2 کروڑ 80 لاکھ روپے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔محکمہ ماحولیات نے پلاسٹک جلانے کے خلاف بھی کارروائیاں جاری رکھیں، اس سلسلے میں 6 ہزار 64 مقامات کی انسپکشن کی گئی اور 45 ہزار 100 کلوگرام پلاسٹک ضبط کیا گیا، جبکہ خلاف ورزیوں پر 152 مقامات سیل کردیے گئے ۔صنعتی یونٹس میں آلودگی پر قابو پانے کے سکشن ہڈز کی تنصیب کی نگرانی بھی کی جارہی ہے، اس ضمن میں 4 ہزار 204 صنعتی یونٹس کی جانچ پڑتال کی گئی، جبکہ ماحولیاتی تقاضوں پر عمل نہ کرنے والے 333 مقامات سیل کیے گئے ۔تعمیراتی گرد و غبار کی روک تھام کے لیے صوبے کی 397 یونین کونسلز میں کارروائیاں کی گئیں اور 49 مقامات پر مسٹ سپرنکلر نصب کیے گئے۔

بقیہ 30
پیٹرولیم پرائس کی طرز پر طے کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق ایل پی جی کی نئی پالیسی امپورٹ پیریٹی پرائس پر مشتمل ہوگی، امپورٹ پیریٹی پرائس سے قیمت زیادہ نہیں بڑھے گی۔پالیسی کی منظوری ای سی سی اور کابینہ سے لی جائے گی، مصنوعی قلت، من مانی قیمتیں روکنے، ماہانہ قیمتیں طے کرنے کا فارمولا طے ہوسکیگا، امپورٹ پیریٹی پرائس کے تحت سمندری حادثات انشورنس قیمتوں کا حصہ بنیں گی۔خیال رہے کہ اس وقت پاکستان 70 فیصد ایل پی جی امپورٹ کرتا ہے زیادہ تر حصہ زمینی راستے سے آتا ہے، مستقبل میں ایل پی جی زمینی کے بجائے سمندری راستے سے سعودی عرب اور عمان سے درآمد کرنے کا پلان ہے۔ایل پی جی کی قیمت پہلے ہی سعودی آرمکو سے لنک ہے۔واضح رہے کہ ماہ اکتوبر کیلئے ایل پی جی کی فی کلو قیمت 279 روپے 34 پیسے ہے جبکہ ملک کے مختلف شہروں میں 600 سے 650 روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے تاہم درآمدی ایل پی جی کی سپلائی کے بعد لاہور میں ایل پی جی کی قیمت میں فی کلو 50 روپے تک کی کمی واقع ہوئی ہے، جس کے بعد شہر میں ایل پی جی 50 روپے کمی کے ساتھ 550 روپے فی کلو میں فروخت کی جارہی ہے۔

بقیہ 31
لینڈ میں ہونے والے گلوبل لیزر رن مقابلوں میں 11 میڈلز جیت کر ملک کا نام روشن کیا۔صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کھلاڑیوں کیلئے نقد انعامات کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ گولڈ میڈل جیتنے والے کھلاڑی کو 2 لاکھ روپے، سلور میڈلسٹ کو ڈیڑھ لاکھ روپے جبکہ برونز میڈلسٹ کو ایک لاکھ روپے دیے جائیں گے۔صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اس موقع پر کہا کہ سی ایم پنجاب سپورٹس اکیڈمیز کے کھلاڑیوں نے انٹرنیشنل مقابلوں میں کامیابی حاصل کرکے پاکستان کا نام روشن کیا ہے، جس پر تمام کھلاڑیوں، کوچز اور آفیشلز کو مبارکباد دیتا ہوں، سی ایم پنجاب سپورٹس اکیڈمیز کے ذریعے نئے ٹیلنٹ کو آگے آنے کے مواقع مل رہے ہیں اور نوجوان کھلاڑی عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں، صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے مزید کہا ہے کہ عالمی ایونٹ میں سی ایم پنجاب سپورٹس اکیڈمیز کے کھلاڑیوں کی کامیابی خوش آئند ہے، حکومت پنجاب نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور کھیلوں کے فروغ کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، گلوبل لیزر رن میں میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کو پنجاب سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ میں بھی شامل کیا جائے گا۔تقریب میں وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک، ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی، ڈائریکٹر ایڈمن عابد شوکت اور ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد بھی موجود تھے۔ کھلاڑیوں محمد اذان، عبداللہ، محمد شیان، عمیس سلیمی، مبشر علی، قیصر علی، سیدان شہود اور میاں رضوان نے صوبائی وزیر کھیل کے ساتھ گروپ فوٹوز بنوائیں اور تھائی لینڈ میں ہونے والے مقابلوں کے دوران اپنے تجربات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 32
بنانے کیلئے ریفرنڈم یا عوامی سروے کروایا جائے اور اس کا فیصلہ نئے صوبوں کی تشکیل کے حق میں آئے گا، نئے صوبوں سے پاکستان میں بادشاہتوں جیسی طرز حکمرانی اور لوٹ مار کا بازار ختم ہوگا۔اپنے بیان میں اختر اقبال ڈار نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کبھی بھی نئے صوبوں کے حق میں نہیں ہے ،ان کے رونے پیٹنے کے باوجود نئے صوبے بن کر رہیں گے ۔اختیارات اور وسائل کی تقسیم اور عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے نئے صوبے یا انتظامی یونٹ وقت کا تقاضہ ہیں ،نئے صوبوں کے قیام سے نئی محب وطن سیاسی قیادت بھی ابھر کر سامنے آئے گی۔

بقیہ 33
صاحب دین کو چند روز قبل اوایس ڈی بنایا گیا تھا۔

بقیہ 34
اسلام آباد قاضی علی رضا اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن سلمان ظفر نے اپنے دفاتر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔دونوں افسران نے شہریوں کی شکایات اور مسائل کو تفصیل سے سنا اور ان کے فوری حل اور بروقت دادرسی کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر، میرٹ اور قانون کے مطابق حل کیا جائے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہونے دی جائے۔

بقیہ 35
جانب سے سابق سیکرٹری لاہور ہائیکورٹ بار فرخ الیاس چیمہ نے دلائل دیے ۔ٹرائل کورٹ نے منشیات کے مقدمے میں ریکارڈ پیش نہ کرنے پر ایس ایچ او کوٹ لکھپت کو 200 روپے جرمانے کی سزا سنائی تھی، جسے انہوں نے لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا۔سماعت کے دوران عدالت نے اپیل دائر کرنے سے متعلق دفتری اعتراض بھی ختم کردیا،

بقیہ 36
کی مؤثر پیروی کے پیشِ نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جار ہے ہیں۔

بقیہ 37
پیز اور ایس ڈی پی اوز کے ریڈرز کے لیے پی ایس آر ایم ایس (PSRMS) سسٹم کے حوالے سے تربیتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔تربیتی سیشن کے دوران شرکاء کو سسٹم کے مؤثر استعمال، پولیس ریکارڈ کی بروقت اور درست تکمیل اور متعلقہ دفتری امور کی انجام دہی کے حوالے سے تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ریکارڈ کو جدید تقاضوں کے مطابق مرتب کرنے، معلومات کے درست اندراج اور سرکاری امور میں شفافیت برقرار رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔اس تربیتی سیمینار کا مقصد پولیس کے انتظامی و دفتری نظام کو مزید مؤثر بنانا، ریکارڈ کی درستگی یقینی بنانا اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے پیشہ ورانہ کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 38
پاکستان کا سیاسی منظر نامہ افسوسناک صورتحال اختیار کر چکا ہے، موجودہ حکومت منظم انداز میں آئین پاکستان کو نقصان پہنچا رہی ہے، جبکہ بانی پی ٹی آئی کو سیاسی منظرنامے سے ہٹانے کے لیے غیر قانونی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔رہنماؤں نے کہا کہ 26ویں اور 27ویں آئینی ترامیم نے عدلیہ کو تباہ کر دیا، پیکا ایکٹ کے ذریعے میڈیا کی آواز دبائی جارہی ہے اور مہنگائی، بے روزگاری اور غربت نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے، بیان میں پنجاب میں سی سی ڈی کے مقابلوں میں تین ہزار سے زائد افراد کی ہلاکت کا دعویٰ بھی کیا گیا۔پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام اور معاشی مشکلات کے باعث ملکی و غیرملکی سرمایہ کاری متاثر ہو رہی ہے ، رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ حکومت اپوزیشن کے ساتھ اعتماد سازی کے اقدامات شروع کرے، آئین کا احترام، قانون کی بالادستی اور عوام کے مینڈیٹ کا احترام یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 39
اقدامات اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ثمر ہارون بلور نے کہا کہ عوام کی مشکلات میں کمی لانے، ان کے مسائل حل کرنے اور جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کوششیں جاری ہیں اور اس ضمن میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔مشیرِ اطلاعات نے کہا کہ میڈیا عوامی مسائل کی نشاندہی اور انہیں متعلقہ حکام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، حکومت اور میڈیا کے درمیان مؤثر رابطہ نہ صرف عوامی مسائل کو اجاگر کرنے بلکہ ان کے حل کے لیے بھی ناگزیر ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ان کے دفاتر کے دروازے عوام اور صحافیوں کے لیے کھلے ہیں۔انہوں نے صحافیوں پر زور دیا کہ وہ صوبے اور عوام کو درپیش مسائل کی نشاندہی کریں، کیونکہ حکومت ان مسائل پر بات چیت اور ان کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 40
صدر بیرونی ، جاتلی اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 41
براہ راست منسلک کیا گیا ہے۔اینٹی ڈرون نظام اپنے ریڈار کی حدود میں اڑنے والے ہر ڈرون کی نگرانی کرے گا، جبکہ مشکوک ڈرون ریڈار کی حدود میں داخل ہوتے ہی سیف سٹی کنٹرول روم کو الرٹ جاری کرے گا۔ پولیس کے مطابق پشاور میں ایک اینٹی ڈرون نظام پانچ کلومیٹر کے علاقے کی نگرانی کرے گا۔ اس نظام کے ذریعے امن و امان کی صورتحال میں دفاعی اور جارحانہ، دونوں حکمت عملیوں میں معاونت حاصل ہوگی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ڈرون یونٹس کے ذریعے حساس مقامات، ٹریفک اور جرائم کی 24 گھنٹے فضائی نگرانی میں مدد ملے گی۔ پشاور کے علاوہ ڈیرہ اسماعیل خان، بنوں اور لکی مروت میں بھی سیف سٹی منصوبے کے ساتھ ڈرون نگرانی کا نظام فعال ہوگا۔ پولیس حکام کے مطابق جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے دہشت گردوں، جرائم پیشہ عناصر اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔ سیف سٹی ڈرون نظام کے ذریعے صوبے میں کہیں بھی فضائی نگرانی اور آپریشنز کو کنٹرول روم سے براہ راست دیکھا جاسکے گا۔

بقیہ 42
کی شناخت 59 سالہ محمد قاسم ولد پہندہ خان، سکنہ چکوڑہ کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے ڈیڈ باڈی کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال منتقل کردیا۔

بقیہ 43
ہوئے 42 ملزمان کو گرفتار کیا،ملزمان غیر ملکی شہریوں کو ٹیلی کام پیکجز اور موبائل اپ گریڈ کے نام پر فراڈ کر رہے تھے۔ ملزمان سادہ لوح غیر ملکی شہریوں کو جھانسہ دے کر ان سے رقوم ہتھیاتے اور دھوکہ دہی کے ذریعے مالی فائدہ حاصل کرتے تھے،کارروائی کے دوران موقع سے 67 لیپ ٹاپ، 1 ڈیسک ٹاپ، 50 موبائل فونز اور دیگر ڈیجیٹل آلات برآمد کیے گئے،دوسری جانب کراچی سرکل نے شاہراہ فیصل ٹیکنالوجی پارک میں اذان انٹرپرائزز کے نام پر چلنے والے اسکیم سینٹر کو بے نقاب کر کے 47 ملزمان کو گرفتار کیا،ملزمان غیر ملکی شہریوں کو دھوکہ دہی سے بینکنگ معلومات حاصل کر کے لوٹنے والے نیٹ ورک کا حصہ تھے، کارروائی میں 50 لیپ ٹاپ، 26 موبائل فونز، 1 ڈیسک ٹاپ اور دیگر ڈیجیٹل آلات برآمد کیے گئے، مجموعی طور پر دونوں کارروائیوں میں 117 لیپ ٹاپ، 2 ڈیسک ٹاپ، 76 موبائل فونز اور دیگر آلات قبضے میں لے کر فرانزک تجزیے کے لیے بھجوا دیے گئے ہیں۔ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 44
سرکل میں شکایت درج کرائی تھی کہ اس کے بیٹے نے فیس بک پر اس کی تصویر کے ساتھ انتہائی توہین آمیز مواد پوسٹ کیا ہے۔ملزم نے اپنے والد کی تصویر کے نیچے Dogs کا لفظ لکھ کر اس کے ساتھ توہین آمیز ایموجیز کا استعمال کیا جس سے نہ صرف والد کی عزت نفس مجروح ہوئی بلکہ خاندانی تعلقات میں بھی شدید بگاڑ پیدا ہوا۔

بقیہ 45
ان کے علاوہ ایم شفیق ناز، بلدیہ انسپکٹرز، ڈاکٹر چاند مبین، خواجہ بلال سلیم، اور فیض اللہ سمیت دیگر سرکاری اداروں کے اہلکاروں، گوجرخان کی تاجر برادری، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دعوت ولیمہ میں آنے والے معزز مہمانوں کا ہال آمد پر پختون روایات اور پختون کلچر کے روایتی دلکش انداز میں انتہائی پرتپاک اور والہانہ استقبال کیا گیا۔تقریب میں شریک تمام مہمانوں نے دولہا شیر داد خان اور ان کے اہل خانہ کو زندگی کے اس نئے اور بابرکت سفر کے آغاز پر دلی مبارکباد پیش کی اور نئے شادی شدہ جوڑے کے لیے پُرخلوص دعاؤں، دلی تمناؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی خوشگوار اور کامیاب ازدواجی زندگی کے لیے دعا کی۔اس موقع پر میزبانوں شاہ ولی خان عجی، صحافی عزت اللہ خان، حاجی شوکت خان اور خاندان کے دیگر معززین نے تمام آنے والے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب کی تشریف آوری ہمارے لیے انتہائی باعثِ مسرت اور عزت افزائی ہے، آپ لوگوں نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ہماری خوشیوں کو دوبالا کیا جس پر ہم دل کی گہرائیوں سے آپ کے ممنون ہیں۔تقریب کے اختتام پر معزز مہمانوں کی تواضع روایتی اور پروقار ظہرانے سے کی گئی۔

بقیہ 46
بچوں سے متعلقہ جنسی جرائم، گھریلو تشدد، ٹریفک قوانین، مہلک حادثات کی روک تھام، ایمرجنسی کالز پر فوری رسپانس اور سرچ و کومبنگ آپریشنز سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔آر پی او بابر سرفراز الپا نے ہدایت کی کہ کرائم ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی کرکے ان علاقوں میں پولیس گشت، پٹرولنگ اور نگرانی کو مؤثر بنایا جائے۔

بقیہ 47
کو مضبوط بنانے، ذاتی معلومات کے تحفظ، مضبوط اور منفرد پاس ورڈز کے استعمال، ٹو فیکٹر آتھنٹیکیشن کو فعال کرنے پر خصوصی زور، سائبر کرائم، ہراسانی یا فراڈ کی صورت میں فوری طور پر این سی سی آئی اے کے آفیشل رپورٹنگ چینلز، ہیلپ لائن اور متعلقہ سرکل سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 49
پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز حسان سیفی اور وقاص خان نیازی نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع میں جاری واٹر فلٹریشن پلانٹس کے منصوبوں، تعمیراتی مراحل، دستیاب سہولیات، درپیش مسائل اور تکمیل کی متوقع مدت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مختلف تحصیلوں میں جاری کام کی رفتار اور منصوبوں سے متعلق انتظامی و تکنیکی امور سے بھی آگاہ کیا۔ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تحصیل چوآ سیدن شاہ میں واٹر فلٹریشن پلانٹس پر جاری کام کی رفتار پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے اور تمام کام اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 50
رکن قومی اسمبلی عون چوہدری اور ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی علی عدنان زیدی بھی اس موقع پر موجود تھے ۔مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے چیف آپریٹنگ آفیسر سمیر احمد اور الائیڈ بینک آف پاکستان کی جانب سے چیف کمرشل اینڈ ریٹیل بینکنگ نارتھ عابد انور نے دستخط کیے ۔معاہدے کے تحت پاکستان کرکٹ بورڈ سکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تمام انتظامات کرے گا،

بقیہ 51
المعروف سردار حسنین خان اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ جن کو نیزہ بازی گراؤنڈ میں نماز جنازہ ادا کر کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا جن کے اچانک انتقال پر سرگودھا پریس کلب کے سابق سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے مرحوم کے لئے بلند درجات اور اہلِ خانہ کے لئے صبرِ جمیل کی دعا کی اور ان کی علاقہ کے لئے سیاسی وسماجی خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 52
والوں میں 28 سالہ آصف، 25 سالہ ناظم اور 15 سالہ امانت شامل ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ ناظم علی گزشتہ روز ہسپتال میں دم توڑ گیا، جبکہ آصف اور امانت آج دوران علاج زندگی کی بازی ہار گئے ۔واقعے میں گھر کے سربراہ قاسم علی اور ان کی اہلیہ حسنہ بی بی بھی زہریلی کھیر کھانے سے متاثر ہوئے، جن کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔

بقیہ 53
بلور، سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر بختیار خان، ڈائریکٹر جنرل اطلاعات انصار اللہ اور اے پی این ایس کے صدر سینیٹر سرمد علی کا شکریہ ادا کیا ہے۔کمیٹی نے کہا کہ واجبات کی ادائیگی کے لیے یہ عملی اقدام اخبارات و جرائد کو درپیش مالی مشکلات میں کمی لانے اور ادائیگیوں کے عمل کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ بقایاجات کی ادائیگی کا عمل متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق جاری رہے گا۔

بقیہ 54
بندیاں نہیں ہوئیں، وہاں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے ۔حکم نامے کے مطابق خیبر پختونخوا کے 12 قبائلی اضلاع میں فی الحال حلقہ بندیاں اور بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے

بقیہ 55
بار پھر بے نقاب ہوگیا۔اسماعیل بقائی نے کہا کہ یورپی ممالک امریکا کو جواب دہی سے بچا رہے ہیں، وعدوں کی خلاف ورزی کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جا سکتا۔واضح رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو فضول اور وقت کا ضیاع کہا تھا

راولپنڈی ڈویژن میں بیوٹیفکیشن کی 17 سکیموں میں سے 12 مکمل

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کی زیرِ صدارت اجلاس میں جاری منصوبوں پر کام تیز اور بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت

ماڈل بازاروں کی بیوٹیفکیشن اور شہری سہولیات میں بہتری کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیرِ صدارت ڈویژنل سطح پر بیوٹی فیکیشن منصوبوں کی پیش رفت، درپیش مسائل اور تکمیل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نذارت علی، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل ثمرین جاوید و دیگر متعلقہ افسران کے علاوہ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی، جہلم، اٹک، چکوال اور مری نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ راولپنڈی ڈویژن میں بیوٹیفکیشن کی کل 17 سکیمز تھیں۔ ان میں سے 12 مکمل اور 05 پر کام (بقیہ نمبر 1)

ایس ایس پی آپریشنز اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہریاں

شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق، وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات اور وژن کے مطابق، ایس ایس پی آپریشنز (بقیہ نمبر 34)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی زیرِ صدارت ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی اور اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کے ساتھ تعمیراتی منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس

ایس ایچ او کوٹ لکھپت کی 200 روپے جرمانے کی سزا معطل

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائیکورٹ نے منشیات کیس میں مقدمے کا ریکارڈ پیش نہ کرنے پر ایس ایچ او کوٹ لکھپت افضل رؤف کو ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی 200 روپے جرمانے کی سزا معطل کردی۔ جسٹس صادق محمود خرم اور جسٹس جواد ظفر پر مشتمل لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے ایس ایچ او کوٹ لکھپت افضل رؤف کی اپیل پر سماعت اپیل کنندہ کی (بقیہ نمبر 35)

منشیات کے مقدمہ میں جرم ثابت ہونے پر مجرم منظور کو 9 سال قید

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات کے مقدمہ میں جرم ثابت ہونے پر مجرم منظور کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم منظور کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ کینٹ پولیس نے مئی 2026ء میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ (بقیہ نمبر 36)

ایس ایس پی آپریشنز کی زیرنگرانی پی ایس آر ایم ایس سسٹم بارے تربیتی سیمینار

دفتری امور میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے افسران و اہلکاروں کو رہنمائی فراہم

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیرنگرانی پی ایس آر ایم ایس سسٹم کے حوالے سے تربیتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ریکارڈ کی بروقت اور درست تکمیل، سسٹم کے مؤثر استعمال اور دفتری امور میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے افسران و اہلکاروں کو تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیرنگرانی تھانوں کے ایف ڈی اوز، زونل ایس (بقیہ نمبر 37)

15 سالہ لڑکی سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کلرسیداں پولیس نے 15 سالہ لڑکی سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 سالہ لڑکی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میری بیٹی سے زیادتی کی کوشش کی، کلرسیداں پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں۔

پاکستان کا سیاسی منظرنامہ افسوسناک صورتحال اختیار کرچکا ہے

عوامی مینڈیٹ تسلیم کیے بغیر ملک بحرانوں سے نہیں نکل سکتا: قید پی ٹی آئی رہنما

لاہور (اے ایف بی) کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت نے آئین اور جمہوریت کو نقصان پہنچایا، عدلیہ کو تباہ کیا ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے قومی مفاہمت، آئین کے احترام اور عوامی مینڈیٹ تسلیم کرنا ہوگا۔ کوٹ لکھپت جیل میں قید شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، میاں محمود الرشید، اعجاز چوہدری نے وکیل رانا مدثر عمر کے ذریعے بیان جاری کیا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے بیان میں کہا کہ (بقیہ نمبر 38)

وزیراعظم شہباز شریف سے اسلام آباد میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شاہکوٹ میں ناقص خوراک فروخت کرنے والوں کے خلاف شکنجہ سخت، معروف سوئیٹس یونٹ اور مارٹ بند

10 لاکھ روپے کے بھاری جرمانے عائد

ایک من سے زائد زائد المیعاد مشروبات، ناقص بیکری مصنوعات، کھلے رنگ اور کیمیکلز تلف، انسانی صحت سے کھیلنے والوں کو سخت وارننگ

شاہکوٹ (میاں داؤد) عوام کی صحت سے کھیلنے اور غیر معیاری اشیائے خورونوش کی فروخت کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا بڑا کریک ڈاؤن، ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی قیادت میں شاہکوٹ میں بھرپور کارروائی کرتے ہوئے معروف سوئیٹس یونٹ اور معروف مارٹ کو بند کر دیا گیا جبکہ فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 10 لاکھ روپے کے بھاری جرمانے بھی عائد (بقیہ نمبر 2)

ثمر ہارون بلور سے الیکٹرانک میڈیا کے بیورو چیفس کی ملاقات

حکومت عوامی مسائل کے حل، امن وامان کی بہتری اور جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتی ہے

پشاور (اے پی پی) مشیرِ اطلاعات و تعلقاتِ عامہ خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور سے الیکٹرانک میڈیا کے بیورو چیفس نے ملاقات کی۔ محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا کے ترجمان کے مطابق ملاقات میں صوبے کی موجودہ صورتحال، ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد حکومتی اقدامات، امن وامان اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مشیرِ اطلاعات نے صحافیوں کو صوبے کے مختلف اضلاع میں جاری حکومتی (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی، 10 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 10 ملزمان گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کرکے 25 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ رتہ امرال، نیو ٹاؤن، صادق آباد، چکلالہ، (بقیہ نمبر 40)

سندھ، منکی پاکس کا ایک اور کیس رپورٹ، تعداد 100 سے متجاوز

رواں سال سندھ میں منکی پاکس سے اب تک 12 اموات رپورٹ ہوچکی ہیں، ذرائع

کراچی (اے ایف بی) سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، جس کے بعد رواں سال صوبے میں رپورٹ ہونے والے کیسز کی مجموعی تعداد 100 سے تجاوز کرگئی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق ۔ متاثرہ خاتون کراچی کی رہائشی ہیں اور انہیں انتہائی نگہداشت وارڈ (آئی سی یو) میں منتقل کردیا گیا ہے، خاتون کو دو روز قبل سندھ انفیکشس ڈیزیز ہسپتال نیپا لایا گیا تھا، جہاں منکی پاکس کی تشخیص کے لیے پی سی آر ٹیسٹ کے نمونے حاصل کیے گئے۔

چکوال، 23 طلبہ وطالبات کو سکالر شپ دینے کی منظوری دیدی گئی

چکوال (این این آئی) محمود مریم ناصر ثروت ٹرسٹ اور ہورائزن کالج چکوال کے زیر اہتمام 13 لاکھ روپے کے نقد سکالرشپ کی تقسیم کے حوالے سے پانچ رکنی انتظامی کمیٹی نے 23 طلبہ وطالبات کو سکالرشپ دینے کی سفارش کی ہے، جس کی منظوری ایم ڈی چوہدری ہمایوں اسلم اور ٹرسٹی خواجہ بابر سلیم محمود نے دے دی ہے۔ 13 لاکھ کے نقد سکالرشپ 2 نومبر کو ہورائزن کالج کے عذرہ آڈیٹوریم میں تقسیم کیئے جائیں گے۔ 88 طلبہ وطالبات نے سکالرشپ کے حصول کیلئے درخواستیں دی تھیں۔

خیبرپختونخوا پولیس کا ڈرون اور اینٹی ڈرون نظام سیف سٹی سے منسلک

پشاور میں ایک اینٹی ڈرون نظام پانچ کلومیٹر کے علاقے کی نگرانی کرے گا

پشاور (اے ایف بی) خیبرپختونخوا پولیس نے ڈرون یونٹ اور اینٹی ڈرون نظام کو سیف سٹی منصوبے سے منسلک کر دیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملک میں پہلی بار ڈرون یونٹ اور اینٹی ڈرون نظام کو سیف سٹی منصوبے کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ڈرون اور اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی کو سیف سٹی کے مرکزی کنٹرول روم سے (بقیہ نمبر 41)

گوجرخان، چوری کی وارداتیں، پانچ لاکھ روپے سے زائد نقدرقم چوری

بجلی چوری پر چار مقدمات درج راماں پھاٹک فائرنگ کیس، ملزمان سے ناجائز اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد

ماڑی بھیر گرلز ایلیمنٹری سکول کا سیکشن ختم، 20 سے زائد بچیوں کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا

گوجرخان (قمرشہزاد) گوجرخان میں جرائم کی مختلف وارداتوں میں شہری پانچ لاکھ روپے سے زائد نقدی سے محروم ہوگئے، جبکہ بجلی چوری کے الزام میں چار افراد کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق گلیانہ موڑ کے قریب مدینہ مشینری ہارڈ ویئر اسٹور سے شاہد خان کے غلے سے ایک لاکھ 65 ہزار روپے چوری کر کے نامعلوم شخص مہران کار میں راولپنڈی فرار ہوگیا، جبکہ سروس روڈ پر ماشاءاللہ دودھ دہی شاپ کے تالے توڑ کر ساڑھے تین لاکھ روپے نکال لیے گئے۔ دونوں وارداتوں کے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع (بقیہ نمبر 3)

نیلہ دلہہ روڈ پر موٹر سائیکل سلپ ہوکر گرگیا، بزرگ شخص موقع پر جاں بحق

چکوال (این این آئی) نیلہ دلہہ روڈ پر موٹر سائیکل سلپ ہوکر گرگیا، بزرگ شخص موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کو اطلاع ملی کہ نیلہ دلہہ روڈ پر پڑوالی کے قریب تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سلپ ہوکر گرگیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے بروقت جائے حادثہ پر پہنچ کر متاثرہ شخص کا طبی معائنہ کیا، تاہم سر پر شدید چوٹ لگنے کے باعث وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوچکا تھا۔ جاں بحق ہونے والے شخص (بقیہ نمبر 42)

سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ترین جج، عزت مآب جسٹس منیب اختر سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں قائم مقام چیف جسٹس، سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری اور ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں جاری تعمیراتی منصوبوں کا دورہ

ڈی جی این سی سی آئی اے کے احکامات پر کریک ڈاؤن جاری

4 غیر قانونی کال سینٹرز/سکیم سینٹرز بے نقاب کرکے 89 ملزمان گرفتار کرلئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ویژن اور ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر ملک گیر کریک ڈاؤن جاری ہے، لاہور اور کراچی میں 4 غیر قانونی کال سینٹرز/سکیم سینٹرز بے نقاب کرکے 89 ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور سرکل نے 3 غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 43)

فیس بک پر والد کی تضحیک کرنے والا بیٹا گرفتار

تصویر کے نیچے Dog کا لفظ لکھ کر اس کے ساتھ توہین آمیز ایموجیز کا استعمال کیا

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے ایبٹ آباد نے فیس بک پر والد کی تضحیک کرنے والا بیٹا گرفتار کرلیا، ملزم نے اپنے والد کی تصویر کے نیچے Dogs کا لفظ لکھ کر اس کے ساتھ توہین آمیز ایموجیز کا استعمال کیا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انوسٹیگیشن ایجنسی ایبٹ آباد سرکل نے سوشل میڈیا پر توہین آمیز اور ہتک آمیز مواد پھیلانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا ہے، متاثرہ شہری نے ایبٹ آباد (بقیہ نمبر 44)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفتر میں تشریف لائے شہریوں کی شکایات ازخود سنیں اور انکے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کئے

شاہ ولی خان غلجی کے فرزند شیر داد خان کی دعوتِ ولیمہ

شاندار تقریب، سیاسی و سماجی شخصیات کی کثیر تعداد میں شرکت

المنان میرج ہال میں صحافی، تاجر برادری اور سرکاری افسران کی آمد

دولہا شیر داد خان اور ان کے اہل خانہ کو بابرکت سفر کے آغاز پر دلی مبارکباد پیش

گوجرخان (قمرشہزاد) کاروباری شخصیت شاہ ولی خان غلجی کے بیٹے اور صحافی عزت اللہ خان کے بھائی شیر داد خان کی شادی خانہ آبادی کی پروقار دعوتِ ولیمہ کی تقریب المنان میرج ہال گوجرخان میں منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی، اور صحافتی برادری سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صدر راجہ اقبال، سابق امیدوار برائے صدر نصیر احمد بھٹی، اور پاکستان میڈیا ایسوسی ایشن پنجاب کے نائب صدر قمر شہزاد مغل نے خصوصی شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 45)

آر پی او راولپنڈی کی زیر صدارت سکیورٹی سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس

ایمرجنسی کالز پر فوری رسپانس اور سرچ و کومبنگ آپریشنز سمیت مختلف امور کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کی زیرصدارت ریجنل پولیس آفس میں کرائم، لاء اینڈ آرڈر اور سکیورٹی سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا، ایس ایس پی آپریشنز راولپنڈی اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن راولپنڈی نے ریجنل دفتر سے جبکہ ڈی پی او اٹک، جہلم، چکوال اور مری بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں جرائم کی صورتحال، کرائم ہاٹ سپاٹس، خواتین و (بقیہ نمبر 46)

ایس پی صدر انعم شیر کا تھانہ چکری اور چوکی چک بیلی کا سرپرائز وزٹ کررہی ہیں

این سی سی آئی اے ایبٹ آباد سرکل کا سائبر آگاہی سیشن

شہری غیر تصدیق شدہ خبروں کو آگے پھیلانے سے گریز کریں

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے ایبٹ آباد سرکل نے پریس کلب میں سائبر آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جس میں ڈیجیٹل سیفٹی اور قانونی فریم ورک پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ سیشن میں مالیاتی فراڈ، فشنگ سکیمز، جعلی انعامی سکیموں، بینک اکاؤنٹس سے متعلق فراڈ اور خطرناک آن لائن مواد سے متعلق رہنمائی، سوشل میڈیا پرائیویسی سیٹنگز (بقیہ نمبر 47)

ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر چکوال کے زیرصدارت صاف پانی سکیم کا اجلاس

واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ

تلہ گنگ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے زیرصدارت پنجاب صاف پانی سکیم کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع چکوال اور تلہ گنگ میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شہریوں کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنا اور ان کے معیار کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فضل شیر و (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

چکوال محکمہ جنگلات کی کارروائی پر مبینہ وائس ریکارڈنگ سے سوالات، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

گل خان کی اینٹی کرپشن اور محکمہ محتسب میں تحریری درخواستیں

دو ہزار روپے کا معاملہ مبینہ طور پر دو لاکھ تک کیسے پہنچ گیا؟ دو ماہ گاڑی بند رہنے کا معاملہ بھی تحقیقات کا متقاضی

ڈائریکٹر جنرل فاریسٹ، سیکرٹری فاریسٹ اور چیف کنزرویٹر فاریسٹ سے نوٹس لینے کی اپیل

چکوال (خاور شہزاد) محکمہ جنگلات چکوال کی ایک کارروائی سے متعلق گل خان کی جانب سے سامنے آنے والی مبینہ وائس ریکارڈنگ اور ان کے بیان نے مختلف سوالات کو جنم دیا ہے۔ گل خان کے مطابق انہوں نے اس معاملے پر اینٹی کرپشن اور محکمہ محتسب (بقیہ نمبر 4)

ڈاکٹر مصدق ملک ''پاکستان کلین ایئر کانفرنس 2026'' سے خطاب کرتے ہوئے

راولپنڈی، گھر میں ماں بیٹی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ دھمیال پولیس نے چند روز قبل گھر میں ماں بیٹی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند روز قبل گھر میں ماں بیٹی کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے لین دین کے تنازعہ اور ذاتی رنجش پر خاتون اور اسکی بیٹی کو قتل کیا، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا۔

سابق سپیکر پنجاب اسمبلی سردار محمد سبطین خان کے بھائی انتقال کرگئے

سردار حسنین خان انتقال کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کردیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کے سابق سپیکر پنجاب اسمبلی سردار محمد سبطین خان کے بھائی سردار حسنین خان انتقال کرگئے جن کو نماز جنازہ ادا کرکے سپرد خاک کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ پپلاں میں کیپٹن (ر) سردار عبدالرحمٰن خان کے بڑے صاحبزادے اور سابق سپیکر پنجاب اسمبلی سردار محمد سبطین خان کے بھائی سردار احمد حیات خان (بقیہ نمبر 51)

پی سی بی اور الائیڈ بینک میں سکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کیلئے 10 کروڑ روپے کا معاہدہ

لاہور (این ای این) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور الائیڈ بینک آف پاکستان کے درمیان سکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے معاہدہ طے پا گیا، جس کے تحت الائیڈ بینک سپانسر شپ کی مد میں مجموعی طور پر 10 کروڑ روپے فراہم کرے گا۔ قذافی سٹیڈیم میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی مہمان خصوصی تھے، وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ، (بقیہ نمبر 50)

جماعت اسلامی کا اسلام آباد مارچ نومبر کے وسط میں ہوگا، حافظ نعیم

جماعت اسلامی کا کوئی ذاتی مفاد نہیں، وہ عوامی حقوق کی خاطر میدان میں موجود ہے

کراچی (اے ایف بی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے اعلان کیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف اور عوامی حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کا اسلام آباد مارچ کسی صورت ملتوی نہیں ہوگا، نومبر کے وسط میں لانگ مارچ کیا جائے گا۔ ادارہ نورحق کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے پٹرولیم لیوی کی شدید مذمت کی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ مارچ سے قبل لیوی ختم کرنے کے لیے شفاف اور واضح نظام وضع کیا جائے۔

حکیم محمد سعید علم، طبِ مشرق اور خدمتِ انسانیت کی عظیم مثال تھے، ناصر محمود بٹ

راولپنڈی میں پاکستان ایسوسی ایشن فار ایسٹرن میڈیسن اور ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام سیمینار کا انعقاد

مقررین کا شہید پاکستان حکیم محمد سعیدؒ کو خراجِ عقیدت، تعلیم و تحقیق اور خدمتِ انسانیت کے مشن کو آگے بڑھانے پر زور

وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ ریاض حسین پیرزادہ وزیرِاعظم شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی (این ای این) پاکستان ایسوسی ایشن فار ایسٹرن میڈیسن اور ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام شہیدِ پاکستان حکیم محمد سعیدؒ کی یاد میں ایک سیمینار بعنوان شہیدِ پاکستان حکیم محمد سعید ہمہ صفت، ہمہ جہت شخصیت پر ہمدرد مرکز مری روڈ راولپنڈی میں زیرِ صدارت جناب پروفیسر ڈاکٹر و حکیم عبدالحنان صدر پائم منعقد ہوا جس کے مہمان خصوصی سینیٹر و چیئرمین قائمہ کمیٹی وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس ناصر محمود بٹ تھے نظامت کے فرائض حکیم محبوب الرحمٰن قریشی نے ادا کئے مہمان خصوصی نے اپنے (بقیہ نمبر 5)

زہریلی کھیر کھانے سے 3 بھائی جاں بحق، والدین کی حالت تشویشناک

واقعے سے متاثرہ پانچوں افراد کا تعلق قصور کے علاقے محمود خانی کے سے ہے

قصور (اے ایف بی) ننگن پور میں زہریلی کھیر کھانے سے تین سگے بھائی جاں بحق ہوگئے، جبکہ ان کے والدین کی حالت تشویشناک ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے سے متاثرہ پانچوں افراد کا تعلق قصور کے علاقے محمود خانی کے سے ہے، جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 52)

اے پی این ایس خیبر پختونخوا کمیٹی کا حکومتی قیادت سے اظہارِ تشکر

کراچی (این ای این) اے پی این ایس خیبر پختونخوا کمیٹی کا حکومتی قیادت اور متعلقہ حکام سے اظہار تشکر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور صوبائی وزیر اطلاعات ثمر ہارون بلور کی ہدایات پر محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا نے پرنٹ میڈیا کے واجبات کی مد میں پہلی قسط جاری کردی ہے۔ آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی خیبر پختونخوا کمیٹی کے چیئرمین پیر ہارون شاہ اور اراکین کمیٹی نے اس پیش رفت پر گورنر فیصل کریم کنڈی، صوبائی وزیر اطلاعات ثمر ہارون (بقیہ نمبر 53)

الیکشن کمیشن کا خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم

جن اضلاع میں حلقہ بندی مکمل ہوچکی وہاں بلدیاتی انتخابات کرائے جائینگے

اسلام آباد (اے ایف بی) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم دے دیا، جبکہ متعلقہ ونگ کو انتخابی شیڈول پیش کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں الیکشن کمیشن کے پانچ رکنی بینچ نے بلدیاتی انتخابات سے متعلق محفوظ فیصلہ سنایا۔ الیکشن کمیشن کے حکم نامے کے مطابق جن اضلاع میں حلقہ بندیاں مکمل ہوچکی ہیں، وہاں بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں گے، جبکہ جن اضلاع میں حلقہ (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر، جناب عرفان داؤدوف کی وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات کررہے ہیں

سفارتکاری بارے واشنگٹن کا رویہ نامناسب ہے: ایران

تہران (اے ایف بی) ایران نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت مسترد کرنے پر امریکی صدر ٹرمپ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکی صدر کا اعتراف واشنگٹن کے سفارتی وعدوں کی کھوکھلی حیثیت ظاہر کرتا ہے، امریکا بار بار اپنے وعدوں سے پیچھے ہٹتا ہے اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو نظرانداز کرتا ہے۔ واشنگٹن کا سفارت کاری کے حوالے سے رویہ ایک (بقیہ نمبر 55)

سرکاری ہسپتال سے قیمتی سامان کیسے چوری ہوا، ذمہ دار کون؟

قاضیاں آر ایچ سی کی ایکسرے مشین 8 ماہ سے مسلسل بند، ٹیوبز چوری کی انکوائری رپورٹ تاحال غائب؟

سیکرٹری ہیلتھ اور وزیر صحت فوری نوٹس لیں، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن پر عملی عمل درآمد کہاں؟

گوجرخان (قمر شہزاد) عوامی حلقوں نے رورل ہیلتھ سنٹر قاضیاں کی ایکسرے مشین آٹھ ماہ سے غیر فعال رہنے اور قیمتی ٹیوبز کی چوری کی انکوائری رپورٹ منظر عام پر نہ آنے پر محکمہ صحت کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھادیے۔ فروری میں سرکاری ہسپتال سے قیمتی سامان چوری کیسے ہوا، حفاظتی انتظامات کہاں تھے، مقدمہ درج ہوا یا نہیں، اور اب تک ذمہ داروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود عوام کو نہیں مل سکے۔ عوامی حلقوں نے (بقیہ نمبر 6)

بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

ایبٹ آباد پبلک سکول کے مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، گورنر فیصل کریم

پشاور (اے ایف بی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیرِ صدارت ایبٹ آباد پبلک سکول کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ادارے کے تعلیمی معیار، انتظامی امور، بجٹ اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مشیر تعلیم سید عامر عبداللہ، سیکرٹری تعلیم عنایت اللہ وسیم، ایبٹ آباد پبلک سکول کے پرنسپل اختر قریشی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی، اس موقع پر سیکرٹری تعلیم اور سکول کے پرنسپل نے گورنر کو ادارے کی تاریخ، تعلیمی خدمات، نمایاں کامیابیوں، بجٹ اور مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایبٹ آباد پبلک سکول کا شمار خیبر پختونخوا سمیت ملک کے نمایاں تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے